
اجتماعی شادی 2025

پہلی بار ریکارڈ ڈونیشن

جمع، 11 لاکھ 60 ہزار

روپے بچ گئے

بانی: شہید اجمل خاں میو



لاہور

پاکستان

میو قوم کا واحد نمائندہ ترجمان

مارچ 2025

# صدائے میو

چیف ایڈیٹر

حافظ سلمان طارق میو 300-2481227

ایڈیٹر

محمد اکرم میواتی 0321-4990135

| جلد نمبر 15 | سالانہ ممبر شپ :/1000 لائف ٹائم :/10000 خصوصی ممبر سالانہ /10000 | شمارہ نمبر 9 |
|---|---|---|

E-Mail:sada.e.mayo@gmail.com..Page FB:Sada-e-Meo News


قصور میں میواتی بیٹھک

جہیز باتوں سے نہیں سادگی کا عزم کرنے سے ختم ہو سکتا ہے





## پاکستان صدائے میو ویلفیئر فورم کے زیر اہتمام رحمت پارک لاہور میں

# بلا تفریق 45 بچیوں کی اجتماعی شادی کا شاندار انعقاد

ملک بھر سے بڑی تعداد میں معروف سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت

## چوہدری یوسف میو کے ڈیرہ بدو کی میں میو کالج کی تعمیر اور انجمن اتحاد و ترقی میوات کے الیکشن کے سلسلے میں معززین برادری کا بھرپور اجلاس

## کالج کی تعمیر اور انجمن کے الیکشن کیلئے بریگیڈیئر (ر) بابر میو کی سربراہی میں کمیٹی بنا دی گئی





THE COUNTRY
REAL ESTATE AND BUILDERS

پرکشش اور منافع بخش ہاؤسنگ سوسائیٹرز میں رہائشی و کمرشل پلاٹس کی خرید و فروخت کا

با اعتماد نام

کنٹری رئیل اسٹیٹ اینڈ بلڈرز



جاوید اقبال

0321-3330433



چوہدری اشرف خاں میو CEO

B-36 مین بلیووارڈ سنٹرل پارک مین فیروز پور روڈ لاہور

0300-7535661 0345-9005678

ZOOM

HAJI NIAZ & JAVED Petroleum

معیار اور مقدار 100%

حاجی نیاز اینڈ جاوید پٹرولیم

نزد للیانی ٹول پلازہ مین فیروز پور روڈ مصطفےٰ آباد



حاجی جاوید میو

0300-8463843



حاجی نیاز احمد باگھوڑیا

(شیرا پوتا) 0300-8463844

MK DEVELOPERS PROPERTY

پتوکی سے چند منٹ کے فاصلے پر

صرف 15% ایڈوانس پر 60 ماہ کی آسان اقساط میں پلاٹ حاصل کریں

پروجیکٹ ایم کے ڈویلپرز

پیراڈائز پارک

تمام تر سہولیات سے آراستہ

چیف ایگزیکٹو

مدثر اقبال

تفصیلات کیلئے رابطہ نمبرز
0303-9800777
0309-9830058
0302-9800077
0300-4762013

ہلہ روڈ پتوکی



چیف ایڈیٹر
حافظ سلمان طارق میو 300-2481227
میوقوم کا واحد نمائندہ ترجمان
ماہنامہ صدائے میو لاہور
مارچ 2025
0321-4990135
ایڈیٹر
محمد اکرم میواتی



رحمت پارک لاہور میں اجتماعی شادی کی تقریب میں شرکت کیلئے آنیوالے مہمان وزیراعظم کے کوارڈی نیٹر شبیر احمد عثمانی، دختر میوات محترمہ ناصرہ میو، ممبر پنجاب اسمبلی محترمہ تاشفین صفدر شاہد میو، ق لیگ کی رہنما نوشین صفدر، سیاسی شخصیات چوہدری عبدالوحید میو، چوہدری محمد یوسف میو، میو تنظیمات کونسل کے کوارڈی نیٹر کرنل (ر) محمد علی میو، میو اتحاد کے ترجمان شہاب الدین مالبیا، میو سوشل گیدرنگ کراچی کے رہنما عقیل میو، مین ڈونر حاجی اسلم عمان والے، چوہدری شہاب الدین، چوہدری محمود خاں پتھروڑیا، صدائے میو نارووال کے سرپرست چوہدری اسماعیل میو اور پاکستان صدائے میو فورم کے مرکزی اور ضلعی رہنما

خوددار قوم کے سپوتوں کا

# دوسروں کی بچیوں کیلئے لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانا آسان کام نہیں

اجتماعی شادی کی تقریب میں مقررین کا اظہار خیال

## تنقید کرنیوالوں کی کمی نہیں کام کرنے والے بہت کم ہیں، صدائے میوفورم کی کوششیں قابل تحسین ہیں، شبیر احمد عثمانی، محترمہ ناصرہ میو، محترمہ تاشفین صفدر، چوہدری امجد علی میو، کرنل (ر) محمد علی میو، چوہدری یوسف میو

## اجتماعی شادیوں میں دیئے جانے والے ضرورت کے سامان کو ناپسندیدہ جہیز کا نام نہیں دینا چاہئے، حاجی نور محمد، چوہدری نعیم حنیف، شہاب الدین مالبیا، محمد عقیل میو، چوہدری اسماعیل میو، چوہدری صابر حسین بلا

## سرکار کی معاونت کے بغیر کام کرنے پر صدائے میوفورم کی ٹیم پر فخر ہے۔ رحمت پارک میں اجتماعی شادی کی تقریب سے پروفیسر سرفراز میو، چوہدری عمران ایڈووکیٹ، پیر ناصر قادری، اظہر اقبال اور دیگر کا خطاب

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم کے زیر اہتمام بلا تفریق 45 بچیوں کی اجتماعی شادی کی پروقار تقریب رحمت مارکی (رحمت پارک) کوٹ میلہ رام لاہور میں منعقد ہوئی جس میں معروف سیاسی وسماجی شخصیات وزیراعظم پاکستان کے کوارڈی نیٹر حاجی شبیر احمد عثمانی، دختر میوات محترمہ ناصرہ میو، ممبر پنجاب اسمبلی محترمہ تاشفین صفدر، مسلم لیگ ق کی صوبائی رہنما صدف نورین، سابق ممبران صوبائی اسمبلی چوہدری امجد علی میو، چوہدری اختر حسین بادشاہ، معروف سیاسی شخصیات چوہدری یوسف میو، چوہدری عبدالوحید میو، چوہدری سلیم نور، میو تنظیمات کونسل کے کوارڈی نیٹر کرنل (ر) محمد علی میو، حاجی محمد اسلم عمان والے، پاکستان میو اتحاد کے مرکزی انفارمیشن سیکرٹری شہاب الدین مالبیا میو، میو سوشل گیدرنگ کراچی کے رہنما محمد عقیل میو، میو لائرز فورم کے سابق صدر پیر ناصر قادری ایڈووکیٹ، پاکستان صدائے میو فورم کے مرکزی رہنماؤ حاجی نور محمد میو، چوہدری نعیم حنیف ایڈووکیٹ، حاجی عمر فاروق، چوہدری اقبال سحر خاں، چوہدری سعید اقبال، پروفیسر سرفراز احمد میو، مرکزی، چوہدری سرور شاہین، کبیر خاں میو، محمد اکرم میواتی، مشتاق احمد صدیقی، چوہدری مشتاق شائق، ضلع لاہور کے رہنماؤں چوہدری صابر حسین بلا، راؤ ادریس خاں میو، چوہدری طاہر اسلام، کیپٹن آزر حسین، چوہدری سلیم خاں، سفیان خاں میو، ضلع قصور کے رہنماؤں انجینئر امین خاں، سرور خاں میو چوہدری عمران شریف ایڈووکیٹ، پاکستان صدائے میو فورم نارووال کے رہنما چوہدری اسماعیل میو، عبدالقادر آزاد، رہبر میوات نیوز کے چیئرمین ریاض نور میو، میو ایکسپریس نیوز کے پرویز اقبال میو، امجد شریف میو سمیت بڑی تعداد میں مختلف برادریوں کے معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر مہمانوں نے تسلسل سے غریب بچیوں کی اجتماعی شادیاں کرانے پر صدائے میو فورم کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خوددار قوم کے سپوتوں کا دوسروں کی بچیوں کے سامنے ہاتھ پھیلانا کوئی آسان کام نہیں۔ ہمارے اندر تنقید کرنے والوں کی کمی نہیں لیکن کام کرنے والے بہت کم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اجتماعی شادی میں بچیوں کو دیئے جانے والے ضرورت کے سامان کو جہیز جیسی برائی کا نام دینا اچھی بات نہیں۔



پاکستان صدائے میو فورم کی طرف سے رحمت پارک (کوٹ میلہ رام) لاہور کے گراؤنڈ میں اجتماعی شادی میں بچیوں کو دی جانے والی ضرورت کی اشیاء کا لگایا گیا ڈسپلے




اجتماعی شادی کی تقریب سے قبل بچیوں کو دیئے جانے والے سامان کی سیٹنگ کے موقع پر دختر میوات محترمہ ناصرہ میو صدائے میو فورم کے رہنماؤں حاجی نور محمد میو، چوہدری نعیم حنیف، چوہدری صابر حسین بلا اور دیگر کے ہمراہ وزٹ کرتے ہوئے

## چھٹی بار پراپرٹی چینل کی ٹیم کی مثالی میزبانی قابل تحسین ہے

لاہور (نمائندہ صدائے میو) اجتماعی شادی کی تقریب کی مسلسل چھٹی بار بہترین میزبانی کے فرائض سرانجام دینے پر مہمانوں اور صدائے میو فورم کی ٹیم نے پراپرٹی چینل کی ٹیم کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔



پاکستان صدائے میو فورم کے رہنما پروفیسر سرفراز احمد میو، چوہدری سرور شاہین میو، کبیر خاں میو، سفیان خاں میو اور حافظ سلمان طارق استقبالیہ سٹال پر اجتماعی شادی میں آنے والی باراتوں کا اندراج کرتے ہوئے



اجتماعی شادی کے موقع پر مہمانان گرامی محترمہ ناصرہ میو، سابق ممبران اسمبلی چوہدری امجد علی میو، اختر حسین بادشاہ، تاشفیش صفدر ایم پی اے، نوشین صفدر، چوہدری عبدالوحید میو، چوہدری سلیم نور، شہاب الدین مالبیا، عقیل میو، چوہدری شہاب الدین، اعجاز احمد میو اور حافظ شہر یار ظفر کے ہمراہ پاکستان صدائے میو فورم کے رہنماؤں چوہدری نعیم حنیف، پروفیسر سرفراز احمد، چوہدری صابر حسین بلا، چوہدری طاہر اسلام، کیپٹن آزر حسین، محمد اکرم میواتی، چوہدری عمران ایڈووکیٹ، سرور خاں میو، عبدالستار خاں، چوہدری سعید اقبال، محمد جمیل میو، حافظ سلمان طارق، حافظ ریحان میو اور دیگر کا گروپ فوٹو








پاکستان میو اتحاد حیدر آباد کے زیر اہتمام رضا پیلس حیدر آباد میں شہید میوات اجمل خاں میو کی 19 ویں برسی کے حوالے سے منعقدہ شہید میوات کانفرنس سے چیئرمین حاجی افضل خاں میو، ایڈووکیٹ راشد خاں میو ایم پی اے، پاکستان میو اتحاد کے دیگر رہنما شمس العارفین میو، غلام نبی میو ایڈووکیٹ، محمد الیاس نکہ میو، حاجی عبدالحکیم میو، شہاب الدین مالبیا میو، قاری محبوب احمد میو، حاجی محمد حیات میو، راشد حسین میو، عبدالستار میو، صوبیدار میجر جاوید اشرف میو، شاہ رخ خاں اور محمد حسن پپو میو خطاب کر رہے ہیں (تصویر صدائے میو)

# شہید اجمل میو نے اپنی گمنام قوم کو شناخت دے کر تاریخ رقم کر دی حاجی افضل خاں

## شہید قائد کا مشن وقت اور مال کی قربانی کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتا، قوم کیلئے سنجیدگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے، ایڈووکیٹ راشد خاں، غلام نبی میو، شمس العارفین، حاجی عبدالحکیم میو، محمد الیاس نکہ، شہاب الدین مالبیا میو

## ہر سال ہم اپنے قائد کی یاد میں تقریبات کرتے ہیں مگر اپنی قوم کو متحد کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکے۔ حیدر آباد میں شہید میوات کانفرنس سے قاری محبوب، راشد حسین، حاجی حیات میو، جاوید اشرف اور دیگر کا خطاب

حیدر آباد (نمائندہ صدائے میو) شہید میوات اجمل خاں میو کی انیسویں برسی کے موقع پر پاکستان میو اتحاد حیدر آباد کے زیر اہتمام مقامی میرج ہال میں قرآن خوانی کے بعد شہید میوات کانفرنس منعقد ہوئی جس میں بڑی تعداد میں کراچی، میر پور خاص، ٹنڈو الہیار اور حیدر آباد سے میو اتحاد کے رہنماؤں سمیت بڑی تعداد میں معززین برادری نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین حاجی افضل خاں میو، ممبر سندھ اسمبلی ایڈووکیٹ راشد خاں میو، پاکستان میو اتحاد کے دیگر رہنماؤں شمس العارفین میو، حاجی عبدالحکیم میو، غلام نبی میو ایڈووکیٹ، محمد الیاس نکہ میو، شہاب الدین مالبیا، قاری محبوب احمد میو، میجر (ر) جاوید اشرف میو، راشد حسین میو، حاجی حیات میو، عبدالستار میو، شاہ رخ خاں، محمد حسن پپو میو اور دیگر نے شہید میوات اجمل خاں میو کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید اجمل خاں میو نے اپنی گمنام قوم کو شناخت دے کر تاریخ رقم کی ہے۔ ہمیں اس بات کو تسلیم کرنا چاہیے کہ شہید قائد کا مشن وقت اور مال کی قربانی کے بغیر مکمل نہیں کیا جا سکتا اس لئے ہمیں اپنی قوم کے اتحاد کیلئے سنجیدہ ہو کر کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال ہم اپنے قائد کی یاد میں تقریبات کرتے ہیں مگر اپنی قوم کو متحد کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکے اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم آج تک اپنے شہید قائد کی طرز پر کام ہی نہیں کر سکے اگر یہی حالت رہی تو خدانخواستہ میو اتحاد دوسری تنظیموں کی طرح صرف نام کا ہی رہ جائے گا اس لئے ہمیں اپنے اندر اتحاد کی فکر کرنی چاہیے۔



حیدر آباد کمشنر آفس کے ریونیو آفیسر ظفر علی میو راجپوت کے صاحبزادے کے ولیمہ کی تقریب میں ایم پی اے ایڈووکیٹ راشد خاں میو، پاکستان میو اتحاد کے رہنماؤں محمد الیاس نکہ میو، شہاب الدین مالبیا، عبدالرزاق میو، راشد حسین، محمد حسن چاندو، عبدالرزاق میو، اشرف خاں میو، عبدالستار میو، استاد سلیم میو اور دیگر کا دلہا اور میزبان کے ہمراہ گروپ فوٹو

## صدائے میو کے ممبر شاہد حسن میو سر میں چوٹ لگنے کی وجہ سے میر پور خاص میں وفات پا گئے



میر پور خاص (نمائندہ فیصل میو) میر پور خاص کے پر عزم نوجوان اور صدائے میو کے ممبر شاہد حسن میو بس سے اترتے ہوئے سر میں شدید چوٹ لگنے کی وجہ سے وفات پا گئے جنازہ گوٹھ چمن میو نزد دس میل تعلقہ کوٹ غلام محمد میں ادا کی گئی جس میں میو اتحاد کے رہنماؤں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## 45 سالہ فوجی اختر میو جی او آر میں انتقال کر گئے

حیدر آباد (نمائندہ صدائے میو) جی او آر کالونی حیدر آباد کے 45 سالہ ریٹائرڈ فوجی محمد اختر میو قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ جنازہ میں پاکستان میو اتحاد کے رہنماؤں سمیت بڑی تعداد میں معززین علاقہ اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

# نوتہ سلامی: غلام نبی میو نے بھتیجوں کی شادی میں نئی مثال قائم کر دی

## تین بھتیجوں کی شادی نہ صرف مختصر بارات کے ساتھ کی بلکہ دعوت نامے میں نوٹ بھی لکھ دیا کہ نوتہ یا لفافہ دینے سے گریز کیا جائے

## ہم نے اپنے لئے خود مشکلات پیدا کی ہیں، سادگی کا راستہ اپنا کر مسائل سے بچا جا سکتا ہے، غلام نبی میو ایڈووکیٹ

میر پور خاص (نمائندہ صدائے میو) میر پور خاص کے معروف قانون دان اور پاکستان میو اتحاد کے مرکزی سیکرٹری غلام نبی میو ایڈووکیٹ نے اپنے تین بھتیجوں بابر اعجاز میو، علی حمزہ اور محمد صابر میو ولد اعجاز احمد میو کی شادی میں نئی مثال قائم کر دی۔ تفصیلات کے مطابق غلام نبی میو ایڈووکیٹ نے نہ صرف مختصر بارات کے ساتھ بھتیجوں کی شادی کی بلکہ دعوت نامے میں نوٹ بھی لکھ دیا کہ نوتہ یا لفافہ دینے سے گریز کیا جائے۔ یاد رہے کہ سندھ میں جہیز میں گاڑیاں دینے کا رواج تو پنجاب کی نسبت بہت کم ہے لیکن نوتہ لینے کا کام پنجاب سے کہیں زیادہ ہے۔ شادی بیاہ کے موقع پر باقاعدہ رجسٹر لیکر چند لوگ داخلے راستے پر بیٹھے ہوتے ہیں اور مثالیں دی جاتی ہیں کہ فلاں کے بچے کو اتنا نوتہ اور سلامی ملی ہے اس لئے غلام نبی میو کی منفرد کوشش پر نہ صرف لوگ حیران ہو رہے ہیں بلکہ سنجیدہ طبقہ غلام نبی کو داد بھی دے رہا ہے۔ غلام نبی میو ایڈووکیٹ نے ولیمہ کے موقع پر ''صدائے میو'' سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اپنے لئے خود مشکلات پیدا کر رکھی ہیں اگر ہم شادی بیاہ کے معاملات میں سادگی کا مظاہرہ کریں تو بہت سے مسائل سے بچ سکتے ہیں۔ انہوں نے اپنی قوم سے اپیل کی ہے خود غرضی کے راستوں کو چھوڑ کر رشتوں کے معاملات میں اپنائیت کا مظاہرہ کریں۔



میر پور خاص میں پاکستان میو اتحاد کے سیکرٹری جنرل غلام نبی میو ایڈووکیٹ کے بھتیجوں کی شادی کی تقریب میں حاجی عثمان میو، غلام نبی میو حاجی عبدالحکیم میو، محمد الیاس نکہ، غلام فاروق میو، شہاب الدین مالبیا، عبدالعزیز نکو میو، راشد حسین میو، محمد رمضان میو، حاجی محمد علی میو، عبدالرحمٰن میو، استاد سلیم میو، نثار احمد اور دیگر کا دلہاؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو



میو اتحاد کے رہنما شہید اجمل خاں میو کی برسی پر حیدر آباد میں منعقدہ شہید میوات کانفرنس میں میو اتحاد کے چیئرمین حاجی محمد افضل خاں میو، سینئر وائس چیئرمین شمس العارفین اور ممبر سندھ اسمبلی ایڈووکیٹ راشد خاں میو کا خیر مقدم کرتے ہوئے



میر پور خاص کے معروف قانون دان اور میو اتحاد کے مرکزی سیکرٹری جنرل غلام نبی میو ایڈووکیٹ کا اپنے بھتیجوں کے ساتھ گروپ فوٹو

# حیدر آباد میں غلام رسول میو کے چالیسویں کی تقریب

## سندھ بھر سے پاکستان میو اتحاد اور معززین برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی



حیدر آباد (نمائندہ صدائے میو) پاکستان میو اتحاد کے سابق سینئر نائب صدر اور شہید اجمل خاں میو کے قریبی ساتھی غلام رسول میو کے چالیسویں کی تقریب مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی جس میں سندھ بھر سے بڑی تعداد میں میو اتحاد کے رہنماؤں اور معززین برادری نے شرکت کی۔ اس موقع پر میو اتحاد حیدر آباد کے صدر قاری محبوب احمد میو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موت کا ذائقہ ہر کسی کو چکھنا ہے لیکن کامیاب وہی شخص ہے جو اپنی زندگی میں ایسے کام کر جائے جن کی مثال دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ غلام رسول میو جیسے لوگ کم ہی پیدا ہوتے ہیں انہوں اپنی قوم کیلئے جو خدمات سرانجام دیں انہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا وہ ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

# اجتماعی شادی جیسے پروگرام سندھ میں ہونے چاہئیں، عقیل میو

## صدائے میو فورم کی کوششوں کو دیکھ کر نہ صرف خوشی ہوئی بلکہ مزید کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوا



کراچی (نمائندہ صدائے میو) اجتماعی شادی جیسے پروگرام سندھ میں بھی ہونے چاہئیں۔ پنجاب میں صدائے میو فورم کی کوششوں کو دیکھ کر نہ صرف خوشی ہوئی بلکہ مزید کام کرنے کا جذبہ بھی پیدا ہوا۔ ان خیالات کا اظہار میو سوشل گیدرنگ کے بانی محمد عقیل میو نے لاہور کی اجتماعی شادی میں شرکت کر کے کراچی واپس پہنچنے پر میو سوشل گیدرنگ کے ذمہ داران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی نسبت پنجاب میں برادری کی تنظیمیں کم ہیں لیکن ہر تنظیم کچھ نہ کچھ کام کر رہی ہے جو کہ بہت اچھی بات ہے۔ اختلافات ہر جگہ موجود ہیں مگر اتنی کھینچا تانی پنجاب میں نہیں جتنی سندھ کی تنظیمات میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم جلد ہی میو سوشل گیدرنگ کے پلیٹ فارم سے صدائے میو فورم کی طرز پر کام کرنے کی کوشش کرینگے۔



حیدر آباد میں میو اتحاد کے سابق مرکزی سینئر نائب صدر، شہید اجمل خاں میو کے قریبی ساتھی اور محمد شفیق پپو کے والد محترم غلام رسول میو کے چالیسویں کی تقریب سے میو اتحاد حیدر آباد کے صدر قاری محبوب احمد میو خطاب کر رہے ہیں جبکہ اس موقع پر میو اتحاد کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی رہنما بھی موجود ہیں



# جنگ آزادی 1857ء
# میوات پر برٹش کی چڑھائی اور میو بہادر

**گزشتہ سے پیوستہ**

بر گیڈیئر شاورز نے میوات میں میو جانبازوں سے مڈ بھیڑ ہونے پر دہلی کی کمان کو لکھا کہ یہ ضروری ہے کہ کالم میوؤں کیخلاف Forsed March بھرپور حملہ کرے ۔ یہ بڑی تعداد میں پہاڑوں پر اور سہنہ کے نزدیک کے گاؤں میں منظّم ہیں۔ کچھ پانڈی اور گھوڑ سوار ان کے ساتھ ہیں۔ اگر میں اس ملک کے اس خطہ کے اندر جائے بغیر چھوڑ آؤں تو یہ پھر آجائیں گے اور اچھی خاصی مزاحمت کرینگے جو ہمارے لئے بہت زیادہ تکلیف کا باعث ہوگی۔ میں نے اس لئے فیصلہ کیا ہے کہ سہنہ براستہ کسون اور تاوڑو پہنچوں۔ شاورز نے اپنی فوج کی حالت زار پر لکھا کہ میرے آدمی کافی حد تک تھک چکے ہیں اور کئی بیماری کی وجہ سے مکمل طور پر بیکار ہیں انہیں آرام چاہئے، گھوڑے سکاٹ بیٹری کو کھینچنے کے بمشکل ہی قابل رہ گئے ہیں، پیادہ فوجی بھی بے حرکت سے ہیں۔

ساانڈرز Saunders نے اس میں اضافہ کیا کہ سارے کالم کو واپس دہلی آکر دوبارہ فٹ کیا جائے یا اس کی جگہ دوسری رجمنٹس بھجی جائیں جہاں وہ مارچ کرنے کے قابل نہ ہوں۔ یہ شاورز کے دہلی واپس آنے پر ہی ہوسکتا ہے۔ میو بہت زیادہ طاقت سے عدم فوجی کاروائی کی بنا پر جمے ہوئے ہیں۔ یہ شاورز کو گڑگاؤں واپس آنے پر پتہ چلا ہے کہ میو کس قدر لڑنے کیلئے تیار ہیں ان سے لڑنے کیلئے ایک اچھی خاصی تنظیم نو درکار ہے۔

2 نومبر 1857ء کو انٹیلی جنس کے انچارج سر ڈبلیو مور نے کلکتہ سنٹرل گورنمنٹ کو لکھا کہ میو ابھی تک گڑگاؤں کے جنوب میں بڑی طاقت میں ہیں۔ انہوں نے ایک معمولی مقابلہ میں 31 اکتوبر کو کالم کے ایک دستہ کے 60 سے 100 تک بمع سپاہیوں کے کاٹ ڈالے ہیں۔ نوجوان کلفر ڈاسی جھڑپ میں قتل ہوا۔ یہ صرف ایک نقصان تھا، کالم کو طاقت کے ساتھ سہنہ براستہ کسون اور تاوڑو آنا ہے تا کہ موثر طریقے سے ان باغیوں کو دبایا جاسکے۔ 10 نومبر کو دہلی کے کمشنر سانڈرز نے انٹیلی جنس ڈیپارٹمنٹ کو خط لکھا جس میں اطلاع دی گئی کہ بر گیڈیئر شاورز کا کالم میوات سے 8 نومبر کو واپس دہلی پہنچ گیا ہے جو بالکل ٹوٹ چکا ہے کیونکہ افراد اور جانور جس محنت طلب مہم سے گزر رہے ہیں اس سے زیادہ تھک کر چور ہیں۔


اس مہم میں میوؤں کے پچاس گاؤں جلا دیئے گئے اور سختی سے انہیں سزا پہنچائی ہے مگر پھر بھی گڑگاؤں سٹیٹک رپورٹ کے مطابق یہ بڑی بااثر قوم ہے جس کی تعداد ایک لاکھ دس ہزار اس ضلع میں ہے اور اس کے یہاں 409 گاؤں ہیں جنکا ایریا تین لاکھ ایکڑ ہے۔ انکا گھراؤ جلاؤ کیا اور بلاتمیز گاؤں جلا دیئے۔ انٹی برٹش کے شک پر لوگوں کو گولیوں سے مارا اتنا ہی سخت میوؤں کی طرف سے ردعمل سامنے آیا۔

شاورز کے اپنے الفاظ ہیں کہ جس وقت میں گڑگاؤں میں داخل ہوا میں ایک دشمن کے ملک میں تھا یعنی جہاں بھی کیمپ ڈالے اور پیش قدمی کی میں دشمنوں کے حملوں کی زد میں تھا۔ جس گاؤں سے بھی گزرا حملہ کی توقع تھی۔ دشمن کی طرف سے ہمیشہ چوکنا رہنا پڑتا ہے۔

## میو بہادری پر ایک انگریز کا آنکھوں دیکھا حال!

چارلس بال نے اپنی کتاب ''دی ہسٹری آف دی انڈین میوٹین'' The History of The ا میں ایک برٹش فوجی کا چشم دید واقعہ کچھ یوں لکھا ہے:

ایک آفیسر جو بر گیڈیئر شاورز کے ماتحت کالم سے منسلک تھا نے اپنے خط میں لکھا کہ دہلی آرمی کے اس ڈویژن کے (معذرت کے ساتھ اس خط میں وہی الفاظ لکھے گئے ہیں جو خط لکھنے والے نے استعمال کئے) جنگی آپریشنز کا کچھ اندازہ بلم گڑھ 7 نومبر 1857ء۔ خط لکھنے والا کہتا ہے کہ ''میں نے آپ کو آخیر میں کنود سے لکھا۔ اس جگہ سے ہم ریواڑی واپس آئے یہاں ہمیں ایک صوبیدار اور قصبہ کے انچارج کی کمپنی آف گائیڈز ملی۔ کچھ رپورٹ جو دھیوا شکر کی کنو کیمپ پر تھی، ریواڑی کی دیکھ بھال کرنے کی یہی ایک وجہ تھی۔ اطالوی سپاہی کربیرز Carabineers کے ساتھ ہے۔ گڑگاؤں جو دہلی سے 20 میل دور ہے بھیجے گئے کالم کو ٹھرا کر ہم نے فاروق نگر میں نواب کے 20 سواروں کو گولی ماردی۔ اس کے بعد ہم بالکل ایک نئے قسم کے ملک میں داخل ہوگئے

میو فریڈم فائٹ

بیرسٹر کے بی خاں میو
(لندن)
Email:mrkhanmayo@yahoo.co.uk

بجائے ہم پہاڑوں کا چکر کاٹ کر آتے ان میں داخل ہوگئے، ایک پہاڑی سلسلے کو کراس کیا جو بغیر ترتیب کے جڑا ہوا تھا۔ 200 سے 300 فٹ کی بلندی تک اور یہاں وہاں 500 فٹ کی چوڑی۔ حتیٰ کہ ہم نے انہیں سہنہ پر جاکر چھوڑا۔ ہمارا مقصد جنگلی فسادی میوؤں کو سزا دینا تھا جو ان پہاڑوں میں بسے ہوئے ہیں اور انکا قدرتی کاروبار لوٹ مار ہے۔ ضلع میوات جو انہی کے نام سے ہے دور مغرب اور جنوب مغرب میں پھیلا ہوا ہے لیکن یہ لوگ ان بے قائدہ پہاڑی سلسلے کی لمبائی اور چوڑائی کے ساتھ چمٹے ہوئے ہیں جن سے ہمیں ان شیطان لوگوں کا ہر قصبہ جلا ہوا اور برباد ملا ویسے ہی ان کو خوش کن جواب ان کے گاؤں کو جلانے سے دیا۔ تاوڑو کے مقام پر جس میں شام کو تماکونوشی کر رہا تھا میں نے پانچ سے کم بڑی آگ نہیں دیکھی جن کی گول روشنی سارے اُفق پر پھیلی ہوئی تھی (یہاں میوقوم کی دھنگل پال آباد تھی) تباہ شدہ تاوڑو پر جو پتھر سے بنا ہوا قصبہ جسے (باغیوں سے) صرف سات ماہ قبل صاف کرنے کا حکم ملا تھا۔ ہمیں تقریباً 30 صاف چمڑی دہلی والے ملے جنہیں شوٹ کردیا گیا۔ میوؤں کا شکار کرنے کیلئے تاوڑو اور سہنہ کے درمیان (پانچ میل) ایک دن لگا۔ ہم پر ایک گاؤں سے فائرنگ ہوئی کیونکہ مجھے یقین ہے وہ لوگ لڑائی پسند کرتے ہیں اور وہ فکرمند تھے اپنے مویشیوں کو کسی جگہ چھپانے میں صرف یہی ایک نقطہ ہے جس پر وہ بے بس ہوتے ہیں، انہیں پکڑیں تم ایسا نہیں کرسکتے ان کے گاؤں کو جلادیں ایسا ممکن ہے لیکن ایک ہفتہ میں وہ پھر اُسے ڈھانپ لیں گے اس لئے یہ سب بے کار ہے اگر آپ انہیں ہوش میں لائیں تو ان کی گائے بھینسوں اور بکریوں کو پکڑلیں۔

گائیڈز، فعال ساتھی ہمارے میوؤں کو اوپر کھڈ، نیچے کھڈ پر مارنا اور بہت زیادہ خطرناک جگہ پر بھی ایسے جیسے ہم چکور کیلئے کرتے ہیں جو یوروپین نہیں کرسکتے۔ ہمارے تقریباً 60 دوست مارے گئے، ہاتھ سے ہاتھ لڑائی ہوئی جس نے ایک پرجوش اور اچھا خاصہ تماشہ برپا کیا۔ ڈھال اور تلوار سے مسلّح بڑی جسامت والا ایک میو آدھی کھڈ سے نیچے ہمارے قدموں تلے 20 گولیاں فائر کی گئیں کوئی بھی نہ لگی۔ بہادر جوان مستقل مزاجی سے ڈٹا رہا، ایک چٹان سے دوسری چٹان پر چھلانگ لگاتا اور ڈل (علیحدہ خالی اور چھوٹی جگہ) کی تہہ تک نیچے چلا جاتا اور پھر سامنے دوسری جگہ پر اوپر ہوجاتا۔ وہ اتنا نزدیک تھا کہ ہم پہچان سکتے تھے اسکے رسّہ کو جو اس کے جسم کے گرد لپٹا ہوا تھا جس کو یہ لوگ گھائیوں پر چڑھنے کیلئے استعمال کرتے ہیں جن میں یہ رہتے ہیں جیسے ہی وہ کھڈ کی چوٹی پر پہنچ رہا تھا گائیڈز کا ایک آدمی اچانک کھائی کے نیچے سے آیا وہ چار فٹ کے فاصلے پر تھا۔ گائیڈز نے نیچے کی طرف فائر کیا میو نیچے کو جھک گیا اور فائر نہ لگا۔ تب میو نے گائیڈز کے سر پر تیز تلوار گھمائی، گائیڈز نے بایونٹ ((چھرے والی بندوق) چلائی، تلوار دوسری دفعہ چمکی، گائیڈ نیچے چلا گیا، تماشا دیکھنے والوں کی غصہ میں چیخ ابھری۔ دوسرے لمحے گائیڈ اپنے دشمن کے سر پر کھڑا تھا لیکن اسکا سر اسکی موٹی پگڑی سے بچ گیا، دوسری کاری ضرب زیادہ طاقت والی نہ تھی۔ سہنہ میں ہم نے دوسرا دن بھی ایسے ہی گزارا۔ ایسا سخت کام پہاڑوں میں کبھی نہیں ملا، درجنوں بار میں گرا ہوں (خط ختم)

میو بہادر، آزادی پسند مجاہد اکیلا ہی بیک وقت بر گیڈیئر شاورز کے کئی گائیڈز (پیش رو) فوجیوں کا مقابلہ کرتا رہا نہ ہمت ہاری نہ ہار مانی اور دیس کی آزادی پر قربان ہوگیا۔ چارلس بال نے اس واقعہ کے تفصیلی خط کو اپنی انڈین میوٹنی کی کتاب میں لکھا ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ایسے بہت سے واقعات اور بھی ہونگے جس سے میوقوم کا دیس کی آزادی کیلئے قربانیوں سے سرفخر سے بلند ہے۔ کئی انڈین تاریخ دانوں نے اس دلچسپ بہادرانہ واقعہ کا اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے۔ خاص طور پر کے۔ سی یادو K.C YADAV نے اپنی کتاب ''ماڈرن ہریانہ'' میں لکھا ہے وہ کہتے ہیں۔

''ایک چشم دید نے اس آزادی کی لڑائی میں استحصال کا ایک ایک دلچسپ واقعہ بیان کیا ہے پھر وہ مزکورہ بالا واقعہ کو دھراتے ہیں اور کمنٹ دیتے ہیں'' اس بہادر آدمی کو جس نے ہیروک Heroic شو کو کافی دیر تک اُٹھائے رکھا آخرکار گائیڈز نے اُسے قتل کردیا۔

(جاری ہے)

# بھائی چارہ! سبق آموز کہانی

دو سگے بھائیوں کے بڑے بڑے زرعی فارم ساتھ ساتھ واقع تھے دونوں چالیس سال سے ایک دوسرے سے اتفاق سے رہ رہے تھے اگر کسی کو اپنے کھیتوں کیلئے کسی مشینری یا کام کی زیادتی کی وجہ سے زرعی مزدوروں کی ضرورت پڑتی تو وہ بغیر پوچھے بلاجھک ایک دوسرے کے وسائل استعمال کرتے تھے۔

ایک دن کرنا خدا کا یہ ہوا کہ ان میں کسی بات پر اختلاف ہوگیا اور کسی معمولی سی بات سے پیدا ہونے والا یہ اختلاف ایسا بڑھا کہ ان میں بول چال تک بند ہوگئی اور چند ہفتوں بعد ایک صبح ایسی بھی آگئی کہ وہ ایک دوسرے کے سامنے کھڑے گالی گلوچ پر اتر آئے اور پھر چھوٹے بھائی نے غصے میں اپنی کرین نکالی اور شام تک اس نے دونوں گھروں کے درمیان ایک گہری اور لمبی کھاڑی کھود کر اس میں دریا کا پانی چھوڑ دیا۔

**انتخاب: نجمہ سلمان میو**

اگلے ہی دن ایک ترکھان کا وہاں سے گزر ہوا تو بڑے بھائی نے اسے آواز دے کر اپنے گھر بلایا اور کہا کہ وہ سامنے والا فارم ہاؤس میرے بھائی کا ہے جس سے آج کل میرا جھگڑا چل رہا ہے اس نے کل بلڈوزر سے میرے اور اپنے گھروں درمیان جانے والے راستے پر ایک گہری کھاڑی بنا کر اس میں پانی چھوڑ دیا ہے. میں چاہتا ہوں کہ میرے اور اس کے فارم ہاؤس کے درمیان تم آٹھ فٹ اونچی باڑ لگادو کیونکہ میں اس کا گھر تو دور کی بات ہے اس کی شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتا اور دیکھو مجھے یہ کام جلد از جلد مکمل کرکے دو جس کی میں تمہیں منہ مانگی اجرت دوں گا۔

ترکھان نے سر ہلاتے ہوئے کہا کہ مجھے پہلے آپ وہ جگہ دکھائیں جہاں سے میں نے باڑھ کو شروع کرنا ہے تاکہ ہم پیمائش کے مطابق ساتھ والے قصبہ سے ضرورت کے مطابق مطلوبہ سامان لاسکیں. موقع دیکھنے کے بعد ترکھان اور بڑا بھائی ساتھ واقع ایک بڑے قصبہ میں گئے اور تین چار متعلقہ مزدوروں کے علاوہ ایک بڑی پک اپ پر ضرورت کا تمام سامان لے کر آگئے ترکھان نے اسے کہا کہ اب آپ آرام کریں اور اپنا کام ہم پر چھوڑ دیں... ترکھان اپنے مزدوروں کاریگروں سمیت سارا دن اور ساری رات کام کرتا رہا۔

صبح جب بڑے بھائی کی آنکھ کھلی تو یہ دیکھ کر اس کا منہ لٹک گیا کہ وہاں آٹھ فٹ تو کجا ایک انچ اونچی باڑھ نام کی بھی کوئی چیز نہیں تھی، وہ قریب پہنچا تو یہ دیکھ کر اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں کہ وہاں ایک بہترین پل بنا ہوا تھا جہاں اسکے چھوٹے بھائی نے گہری کھاڑی کھود دی تھی. جونہی وہ اس پل پر پہنچا تو اس نے دیکھا کہ پل کی دوسری طرف کھڑا ہوا اس کا چھوٹا بھائی اسکی طرف دیکھ رہا تھا چند لمحے وہ خاموشی سے کھڑا کبھی کھاڑی اور کبھی اس پر بنے ہوئے پل کو دیکھتا رہا اور پھر اس کے چہرے پر ایک ہلکی سی مسکراہٹ ابھری چند سیکنڈ بعد دونوں بھائی نپے تلے آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے پل کے درمیان آمنے سامنے کھڑے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے اور پھر دونوں بھائیوں نے آنکھوں میں آنسو بھرتے ہوئے ایک دوسرے کو پوری شدت سے بھینچتے ہوئے گلے لگالیا۔۔

دیکھتے ہی دیکھتے دونوں بھائیوں کے بیوی بچے بھی اپنے گھروں سے نکل کر بھاگتے اور شور مچاتے ہوئے پل پر اکٹھے ہوگئے اور دور کھڑا ہوا ترکھان یہ منظر دیکھ دیکھ کر مسکرا رہا تھا.

بڑے بھائی کی نظر جونہی ترکھان کی طرف اٹھی جو اپنے اوزار پکڑے جانے کی تیاری کر رہا تھا تو وہ بھاگ کر اس کے پاس پہنچا اور کہا کہ وہ کچھ دن ہمارے پاس ٹھہر جائے لیکن ترکھان یہ کہہ کر چل دیا کہ اسے ابھی اور بہت سے ''پل'' بنانے ہیں۔''

برائے مہربانی کوشش کریں کہ لوگوں کے درمیان پل بنائیں دیواریں نہ بنائیں اور اس پیغام کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائیں۔

# دہشت گرد منشیات فروش اور جرائم پیشہ کون؟

اسلام جیسا مذہب اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جیسا رہبر کسی بھی مذہب کو میسر نہیں۔ آج کے مسلمان کا عقیدہ کمزور ہے پھر بھی تمام تر برائیوں میں ان تمام مذاہب سے بہت پیچھے ہے جو خود کو امن پسند اور بہترین مذہب سمجھتے ہیں۔ امن وآتشی کے علمبردار مذاہب کی اصلیت کیا ہے آئیں اس پر اک نظر ڈالتے ہیں۔

وہ 10 ممالک جہاں جسم فروشی کی شرح سب سے زیادہ ہے۔

1۔ تھائی لینڈ (بدھ مت)
2۔ ڈنمارک (عیسائی)
3۔ اٹلی (عیسائی)
4۔ جرمنی (عیسائی)
5۔ فرانس (عیسائی)
6۔ ناروے (عیسائی)
7۔ بیلجیم (عیسائی)
8۔ اسپین (عیسائی)
9۔ امریکہ (عیسائی)
10۔ فن لینڈ (عیسائی)

وہ 10 ممالک جہاں چوری وڈکیتی کی شرح سب سے زیادہ ہے۔

1۔ ڈنمارک اور فن لینڈ (عیسائی)
2۔ زمبابوے (عیسائی)
3۔ آسٹریلیا (عیسائی)
4۔ کینیڈا (عیسائی)
5۔ نیوزی لینڈ (عیسائی)
6۔ ہندوستان (ہندو)
7۔ انگلینڈ (عیسائی)
8۔ امریکہ (عیسائی)
9۔ سویڈن (عیسائی)
10۔ جنوبی افریقہ (عیسائی)

وہ 10 ممالک جہاں شراب نوشی کرنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔

1۔ مالڈووا (عیسائی)
2۔ بیلاروس (عیسائی)
3۔ لیتھوانیا (عیسائی)
4۔ روس (کیمونسٹ+عیسائی)
5۔ جمہوریہ چیک (عیسائی)
6۔ یوکرین (عیسائی)
7۔ آندورا (عیسائی)
8۔ رومانیہ (عیسائی)
9۔ سربیا (عیسائی)
10۔ آسٹریلیا (عیسائی)

وہ 10 ممالک جہاں قتل ہونے والوں کی شرح سب سے زیادہ ہے۔

1۔ ہونڈوراس (عیسائی)
2۔ وینزویلا (عیسائی)
3۔ بیلیز (عیسائی)
4۔ ایل ساوڈور (عیسائی)

افشاں اکرام میو (کراچی)

5۔ گوئٹے مالا (عیسائی)
6۔ جنوبی افریقہ (عیسائی)
7۔ سینٹ کٹس اینڈ نیوس (عیسائی)
8۔ بہاماس (عیسائی)
9۔ لیسوتھو (عیسائی)
10۔ جمیکا (عیسائی)

دنیا میں خطرناک غنڈہ گردی کرنے والے گروپوں کے نام

1۔ یاکوزہ (غیر مسلم)
2۔ ایگبرس (عیسائی)
3۔ واہ سنگ (عیسائی)
4۔ جمیکا پوسی (عیسائی)
5۔ پریمیرو (عیسائی)
6۔ آریائی اخوان (عیسائی)
7۔ خون (عیسائی)
8۔ 18 ویں اسٹریٹ گینگ (عیسائی)
9۔ منگلی (عیسائی)
10۔ مارا سالا روتھا (عیسائی)

دنیا کے سب سے بڑے منشیات اسمگلنگ مافیاز

1۔ پابلو اسکوبار (Pablo Escobar)-کولمبیا (عیسائی)
2۔ اماڈو کیریلو (Amado Carrillo Fuentes)-میکسیکو (عیسائی)
3۔ کارلوس لیہڈر (Carlos Lehder)- جرمن (عیسائی)
4۔ گریسیلڈا بلانکو (Griselda Blanco)-کولمبیا (عیسائی)
5۔ جوکون گزمین- (Joaquín Guzmán) میکسیکو (عیسائی)
6۔ رافیل کیرو- (Rafael Caro Quintero) میکسیکو (عیسائی)

مزکورہ حالات اور سچائی کے باجود مغربی اور مشرقی میڈیا کا کہنا ہے کہ:

''اسلام دنیا میں ہر طرح کی دہشت گردی کا سبب ہے''

اس بنا پر بہت سارے سادہ لوح اور نادان مسلمان بھی ان بے بنیاد اور کھوکھلے دعووں پر یقین کرلیتے ہیں۔ آپ اپنی سوچ اور عقل کا کنٹرول دوسروں کے ہاتھ میں نہ دیں اپنے مذہب اسلام پر فخر کیجئے اسلام خوشحالی، سلامتی اور امن کا مذہب ہے جو اپنی منفرد اور قابل رشک تعلیمات کی وجہ سے سب کیلئے خطرہ بنا ہوا ہے اسی لئے تمام کفار اُسے اور اُس کو ماننے والوں کو ہر صورت بدنام کرنا چاہتے ہیں اور اس گھناؤنی سازش میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو مسلمان تو کہلاتے ہیں مگر اُن میں مسلمانوں والی کوئی بات نہیں، نماز تو پڑھتے ہیں مگر نیتیں خلوص سے بہت دور ہیں، اسلام کی سربلندی کی باتیں تو کرتے ہیں مگر ایسا چاہتے نہیں گویا ایک جال ہے جو مسلمانوں کے روپ میں ہی بچھا رکھا ہے۔

# رسول اللہ ﷺ کے شہسوار

میدان جنگ میں جب تلواروں کی جھنکار اور تیروں کی بوچھاڑ جاری تھی کہ حضور اکرم ﷺ کے حفاظتی دستہ میں شامل ایک صحابی رسولؓ اپنی ایک آنکھ (ان کی آنکھ تیر لگنے کے سبب ان کے رخسار پر بہہ پڑی تھی) کو ہاتھ میں تھامے سرکارِ مدینہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں تو رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

"یہ کیا ہے؟"

صحابی رسولؓ نے عرض کیا:

"یارسول اللہ ﷺ! یہ وہی ہے جو آپ ﷺ ملاحظہ فرمارہے ہیں۔"

حضور اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا:

"اگر تم چاہو تو صبر کرو! تمہارے لئے جنت ہوگی اور اگر چاہو تو میں یہ آنکھ تمہیں لوٹا دوں اور تمہارے لئے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دعا کروں تو تم اس میں کسی کمی کو نہ پاؤ گے۔"

صحابی رسولؓ نے عرض کیا:

"یارسول اللہؐ! خدائے عزوجل کی قسم! بے شک جنت بہت بڑی جزا اور بہت بڑی عطا ہے مگر میں اپنی بیویوں سے بھی محبت کرتا ہوں اور مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ کہیں وہ مجھے یہ کہہ کر ٹھکرا نہ دیں کہ یہ کانا (ایک آنکھ کا) ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپؐ مجھے یہ آنکھ بھی لوٹا دیں اور اللہ عزوجل سے میرے لئے جنت کا سوال بھی کریں۔"

تو سرورِ کونین ﷺ نے فرمایا:

"میں ایسا ہی کروں گا۔"

پھر طبیبوں کے طبیب نے وہ آنکھ اپنے دست مبارک میں پکڑی اور اسے اس کی جگہ پر لگا دیا تو وہ آنکھ پہلے سے بہتر اور خوبصورت ہوگئی اور اللہ عزوجل کی بارگاہ میں ان کے لئے جنت کی دعا فرمائی۔

یہ معجزہ اس صحابی رسولؓ کی اولاد میں ہمیشہ اس بات کا تفاخر رہا کہ ان کے جدِ اعلیٰ کی آنکھ رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک کی برکت سے اچھی ہوگئی۔ چنانچہ ان کے پوتے حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ (عاصم بن عمر بن قتادہ، عمر بن عبدالعزیز کے عہد کے معروف عالم فاضل ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کے حالات واخلاق اور آپ ﷺ کے غزوات وسراپا کے سب سے بڑے ماہر اور فاضل سمجھے جاتے تھے۔ چنانچہ عمر بن عبدالعزیز نے انھیں اس کام پر مقرر کیا کہ جامع دمشق میں بیٹھ کر عاشقان رسول ﷺ کو آقائے دوجہاں کے مبارک حالات و واقعات بطور درس سنایا کریں۔ یہ ذمہ داری اپنی وفات تک سرانجام دیتے رہے اور اس عرصہ میں ہزاروں لوگوں کو حضور اکرم ﷺ کی سوانح حیات سے آگاہ کیا۔) جب خلیفہ عادل حضرت عمر بن عبدالعزیز امویؒ کے دربار خلافت میں پہنچے تو انہوں نے اپنا تعارف کراتے ہوئے اپنا یہ قطعہ پڑھا:

أَنَا ابْنُ الَّذِي سَالَتْ عَلَى الْخَدِّ عَيْنُهُ
فَرُدَّتْ بِكَفِّ الْمُصْطَفَى أَحْسَنَ الرَّدِّ
فَعَادَتْ كَمَا كَانَتْ لِأَوَّلِ أَمْرِهَا
فَيَا حُسْنَ مَا عَيْنٍ وَّيَا حُسْنَ مَا رَدِّ

ترجمہ: "میں اس شخص کا بیٹا ہوں کہ جس کی آنکھ اس کے رخسار پر بہہ آئی تھی تو حضرت مصطفی ﷺ کی ہتھیلی سے وہ اپنی جگہ پر کیا ہی اچھی طرح سے رکھ دی گئی تو پھر وہ جیسی پہلے تھی ویسی ہی ہوگئی تو کیا ہی اچھی وہ آنکھ تھی اور کیا ہی اچھا حضور ﷺ کا اس آنکھ کو اس کی جگہ پر رکھنا تھا۔"

اس بہادر اور جنگجو صحابی رسولؓ جو اپنے وقت کے بہترین شہسوار اور تیز انداز بھی تھے کا اسم گرامی حارث بن ربعی یا ابن نعمان ہے لیکن کنیت ابوقتادہ انصاری سے زیادہ مشہور ہیں۔ آپؓ کی والدہ کا نام کبشہ بنت مظہر بن حرام تھا جو بنوسلمہ میں سواد بن غنم کے خاندان سے تھیں۔ آپؓ کا لقب "فارس رسول اللہ" (رسول اللہؐ کے شہسوار) تھا۔ اس لقب کی وجہ یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی اونٹنیاں ذی قرد نامی گاؤں میں چرا کرتی تھیں۔ آپ ﷺ کے غلام حضرت رباحؓ ان کے نگران تھے۔ چند غطفانی لٹیرے چرواہوں کو قتل کر کے اونٹنیوں کو ہانک کر لے گئے۔ حضرت سلمہ بن اکوعؓ نے مدینہ منورہ میں اس واقعہ کی اطلاع بھیجی۔ حضور اکرم ﷺ نے ان غطفانیوں کے تعاقب میں تین سوار حضرت ابوقتادہؓ، حضرت اخرم اسدیؓ اور حضرت مقداد بن اسودؓ روانہ فرمائے۔ انہوں نے غطفانیوں کو جا پکڑا۔ اس موقع پر حضرت ابوقتادہؓ نے نیزہ زنی کا خوب مظاہرہ کیا۔ جب اونٹنیوں کو لے کر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے حضرت قتادہؓ کا قصہ سن کر فرمایا:

"ہمارے سواروں میں بہترین سوار ابوقتادہؓ ہیں یا آج کے دن میں قتادہؓ بہترین سوار تھے۔"

حضرت ابوقتادہؓ ایک دراز قد اور وجیہ نوجوان تھے۔ آپؓ کے بال خوبصورت، لمبے، اور گنگھریالے تھے اور اکثر آپؓ کے بال مبارک آپؓ کی گردن تک رہتے کبھی کبھی کنگھی فرماتے۔ ایک دفعہ حضور اکرم ﷺ نے آپ کے بالوں کو پراگندہ دیکھا تو ارشاد فرمایا کہ اپنے بالوں کو سنوار کر رکھا کرو۔ آپؓ ہی وہ پہلے صحابی تھے جنھوں نے قبول اسلام



آئینہ اعجاز
0301-6320334
ejazmeo68@yahoo.com
اعجاز خاں میو (پسرور)

کے بعد مال غنیمت بیچ کر اپنے لیے ایک باغ خریدا اور اسلامی تاریخ میں جائداد بنانے کی مثال قائم کی۔

حضرت ابوقتادہؓ اخلاق وعادات میں اسوہ رسول ﷺ پر کامل طریقے سے عمل کرنے والے تھے۔ آپؓ حضور اکرم ﷺ کے اس فرمان کو حرز جاں رکھتے کہ ایک مومن دوسرے مومن کا بھائی ہے اور مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں۔ جسم کے ایک حصے کو تکلیف ہو تو سارا جسم تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ایک مرتبہ ایک انصاری صحابی کا جنازہ رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے پوچھا:

"کیا اس میت کے ذمہ قرض ہے؟"

تو آپ ﷺ کو بتایا گیا:

"اس کے ذمہ دو دینار قرض ہے۔"

حضور اکرم ﷺ نے ان کا جنازہ نہ پڑھایا۔ اس موقع پر حضرت ابوقتادہؓ آگے بڑھے اور عرض کیا:

"یارسول اللہ ﷺ! اگر میں قرض ادا کر دوں تو آپ اس کا نماز جنازہ پڑھا دیں گے؟"

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"اس صورت میں اس کا جنازہ پڑھا دوں گا۔"

حضرت ابوقتادہؓ نے اسی وقت میت کی طرف سے قرض ادا کیا اور سرکار دو عالم ﷺ نے نماز جنازہ پڑھایا۔ اسی طرح ایک مسلمان پر آپؓ کا کچھ قرض تھا۔ جب یہ تقاضا کرنے جاتے تو وہ چھپ رہتا۔ ایک روز گئے تو اس شخص کے لڑکے سے معلوم ہوا کہ گھر میں بیٹھے کھانا کھا رہے ہیں۔ پکار کر کہا:

"نکلو مجھے معلوم ہو گیا ہے۔ اب چھپنا بیکار ہے۔"

جب وہ آیا تو چھپے رہنے کی وجہ پوچھی تو اس نے کہا:

"بات یہ ہے کہ میں تنگ دست ہوں، میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ اس کے ساتھ عیال دار بھی ہوں۔"

آپؓ نے پوچھا:

"واقعی تمہارا حال خدا کی قسم ایسا ہی ہے۔"

بولا: "ہاں۔"

حضرت ابوقتادہؓ آبدیدہ ہوگئے اور اس کا قرض معاف کر دیا۔

حضرت ابوقتادہؓ اکثر خدمت رسول اللہ ﷺ کے لیے آپ کے ساتھ رہتے۔ ایک سفر میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھے۔ آپ ﷺ نے لوگوں سے فرمایا کہ پانی کی خبر لو ورنہ سویرے پیاسے اٹھو گے۔ لوگ پانی ڈھونڈنے نکل گئے لیکن حضرت ابوقتادہؓ موکب نبوی کے ساتھ رہے۔ آنحضرت ﷺ اونٹ پر سوار تھے۔ جب آپ اونگھ میں کسی طرف جھکتے تو یہ بڑھ کر ٹیک لگا دیتے۔ ایک دفعہ گرنے کے قریب تھے کہ انھوں نے ٹیک لگائی۔ آپ کی آنکھ کھل گئی اور فرمایا کون؟ عرض کیا ابوقتادہؓ فرمایا کب سے میرے ساتھ ہو۔ کہا شام سے۔ آنحضرت ﷺ نے دعا دی:

حفظک اللہ کما حفظت رسولہ!

ترجمہ: "جس طرح تم نے میرے نگہبانی کی خدا تمھارا نگہبان رہے۔"

حضرت ابوسعد خدریؓ سے روایت کی ہے:

"ایک مرتبہ حضرت ابوقتادہ بن نعمانؓ نے حضور ﷺ کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھی رات سخت اندھیری تھی اور آسمان پر گھنگھور گھٹا چھائی ہوئی تھی۔ بوقت روانگی حضور ﷺ نے اپنے دست مبارک سے انہیں ایک شاخ عطا فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ تم بلاخوف وخطر اپنے گھر جاؤ۔ یہ شاخ تمہارے ہاتھ میں ایسی روشن ہو جائے گی کہ دس آدمی تمہارے آگے اور دس آدمی تمہارے پیچھے اس کی روشنی میں چل سکیں گے۔ جب تم گھر پہنچو گے تو ایک کالی چیز کو دیکھو گے اس کو مار کر گھر سے نکال دینا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جوں ہی حضرت قتادہؓ کاشانہ نبوت سے نکلے وہ شاخ روشن ہوگئی اور وہ اسی کی روشنی میں چل کر اپنے گھر پہنچ گئے اور دیکھا کہ وہاں ایک کالی چیز موجود ہے۔ آپؓ نے فرمان نبوت کے مطابق اس کو مار کر گھر سے باہر نکال دیا۔"

آپؓ تمام خلفائے راشدینؓ کے ساتھ رہے۔ خلافت راشدہ کے دور میں ہونے والی تمام جنگوں میں شمولیت کی۔ سیدنا علی المرتضیٰؓ کے زمانہ مبارک میں مکہ مکرمہ کے امیر نامزد ہوئے۔ جنگ جمل اور جنگ صفین میں آپ شریک ہوئے۔ 38 ہجری میں جب خوارج نے سیدنا علی المرتضیٰؓ کے خلاف بغاوت کی تو آپؓ سیدنا علی المرتضیٰؓ کی پیادہ فوج امیر تھے۔

آپ کے انتقال کی تاریخ میں اختلاف ہے۔ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوقتادہؓ سیدنا علی المرتضیٰؓ کے زمانے میں فوت ہوگئے تھے لیکن جمہور محدثین کے اقوال کے مطابق حضرت ابوقتادہؓ سیدنا علی المرتضیٰؓ کی وفات کے بہت بعد 54 ہجری میں فوت ہوئے تھے لیکن امام بخاری رحمہ اللہ علیہ دیگر مورخین کے بیانات سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ آپ نے 50 ہجری اور 60 ہجری کے درمیان وفات پائی۔

☆☆☆☆☆



# 60 ارب ریال مالیت کا وقف کیا گیا دنیا کا سب سے بڑا باغ

یہ تصویر سعودی عرب کے شہر قصیم میں واقع کھجوروں کے ایک باغ کی ہے، اس باغ میں کھجور کے 20 لاکھ درخت ہیں اور یہ باغ راہ خدا میں وقف ہے. اس باغ میں 45 قسم کی کھجوریں ہوتی ہیں، یہاں کی سالانہ پیداوار 10 ہزار ٹن کھجور ہے. یہ باغ روئے زمین میں پایا جانے والا سب سے بڑا وقف ہے. اس باغ کی آمدنی سے دنیا کے مختلف ممالک میں مساجد کی تعمیر، خیراتی کام اور حرمین شریفین میں افطاری کے دسترخوان لگائے جاتے ہیں، یہ باغ سعودی عرب کے امیر ترین شخص سلیمان الراجحی نے اللہ کی راہ میں وقف کیا تھا۔

سلیمان الراجحی نے غربت میں آنکھ کھولی وہ سکول میں پڑھ رہے تھے کہ ایک دن سکول انتظامیہ نے تفریحی ٹور تشکیل دیا اور ہر طالب علم سے ایک ایک ریال جمع کروانے کو کہا یہ گھر میں جاتے ہیں مگر والدین کے پاس ایک ریال تک نہیں ہوتی ہے، یہ بہت روتا ہے، ٹور کے لئے جانے کی تاریخ قریب آتی ہے ادھر ان کے سہ ماہی امتحانات کا رزلٹ آتا ہے یہ کلاس میں پوزیشن لیتے ہیں اور ایک فلسطینی استاد بطور انعام انہیں 1 ریال دیتا ہے یہ دوڑتے ہوئے تفریحی پروگرام کے مسئول کے پاس جاتے ہیں اور 1 ریال جمع کراتے ہیں.

وقت کو جیسے پر لگ جاتے ہیں، یہ اپنی تعلیم مکمل کر کے جدہ شہر میں ایک کمرے کو بنک کا نام دے کر کام شروع کرتے ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے مختصر عرصے میں الراجحی کے نام سے بنکوں کا ایک جال پورے سعودی عرب میں پھیل جاتا ہے. سلیمان الراجحی اپنے اس فلسطینی استاد کی تلاش میں نکلتے ہیں، استاد سے ملاقات ہوتی ہے، وہ ریٹائرڈ ہو چکے ہیں، معاشی حالات ایسے کہ گھر کا چولہا جلانا مشکل ہوا پڑا ہے. راجحی اپنے فلسطینی استاد کو گاڑی میں بٹھاتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ میرے اوپر آپ کا قرض ہے. استاد آگے سے کہتا ہے کہ مجھ مسکین کا کس پر قرض ہوسکتا ہے، راجحی اپنے استاد کو یاد کراتے ہیں کہ سالوں پہلے آپ نے مجھے 1 ریال انعام دیا تھا، استاد مسکراتا ہے کہ آپ اب وہ ایک ریال مجھے واپس کرنا چاہتے ہیں؟۔ راجحی ایک بنگلے کے سامنے گاڑی کھڑی کرتا ہے، بنگلے کے آگے ایک بیش قیمت گاڑی بھی کھڑی ہے، راجحی اپنے استاد سے کہتا ہے یہ بنگلہ اور گاڑی اب سے آپ کے ہیں، مزید آپ کے تمام اخراجات ہمارے ذمہ ہوں گے. فلسطینی استاد کی آنکھوں میں آنسو آتے ہیں اور کہتا ہے کہ یہ عالی شان بنگلہ یہ مہنگی گاڑی یہ تو بہت زیادہ ہے. راجحی کہتا ہے اس وقت آپ کی جو خوشی ہے اس سے بڑھ کر میری خوشی کا عالم تھا جب آپ نے مجھے 1 ریال انعام دیا تھا۔

ایسے محسن شناس انسان کو اللہ ضائع نہیں کرتا ہے.


2010 میں سلیمان الراجحی نے اپنے بچوں بیگمات اور عزیز واقارب کو بلا کر اپنی دولت ان سب میں تقسیم کر دی اور اپنے حصے میں جو کچھ آیا وہ سب وقف کر دیا.

اس وقت سلیمان الراجحی کے وقف کی مالیت 60 ارب ریال سے زیادہ ہے۔

# خدارا.........! تماشہ بند کریں

کافی عرصہ سے لکھنے کا وقت نہیں مل رہا تھا مگر اجتماعی شادی کے کامیاب اور مثالی پروگرام کے بعد ایک شادی میں شرکت کا موقع ملا تو عجب منظر دیکھنے میں آیا۔ تاحد نظر کارواں اور بسوں کی لائن دیکھ کر آنکھیں پتھرا گئیں۔ اس سے بھی زیادہ افسوس کی بات یہ تھی کہ جس گھر برات آئی تھی وہ لڑکے والوں کا ہی غریب رشتے دار تھا۔ اتنی بڑی بارات اور اُوپر سے ایکو ساؤنڈ، ناچ گانا، بے دریغ پیسوں کی برسات اور پیسوں کو لوٹنے کیلئے بچوں کے جھپٹنے سے پیدا ہونے والے شور سے لوگوں کی پریشانی بھی قابل دید تھی۔

ایک طرف ہمارے رہبر بے سہارا اور یتیم بچیوں کی



نظامیات
نظام الدین میو
(12 میل) میر پور خاص
0343-3289955

شادی کر کے اجتماعی طور پر شادی کی سنت کو زندہ کر رہے ہیں اور دوسری طرف اسی قوم کے نادان لوگ اپنی ناک بڑھانے کیلئے فضول خرچیوں سے غریبوں کے مسائل میں اضافہ کر رہے ہیں، ایک طرف ہمارے رہبر ضرورت سے زیادہ جہیز دینے کی رسم کیخلاف تحریک چلا رہے ہیں اور دوسری طرف نامور قوم کے بہت سے لوگ اس لعنت کو بڑھاوا دینے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ عجیب بات ہے بچوں کی تعلیم پر خرچ بوجھ لگتا ہے اور جاہلانہ رسومات کیلئے بے دریغ پیسہ خرچ کیا جا رہا ہے۔

خدارا! اپنے ان بزرگوں کی روحوں کو تکلیف نہ پہنچائیں جنھوں نے اپنی قوم کا نام دین داری میں روشن کیا ہے کیا ہے۔

# شادیوں میں بے ہنگم شور بڑی سماجی برائی

محمد عثمان بن نظام الدین میئو
(12 میل) میر پور خاص سندھ

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو زندگی کے ہر پہلو میں اعتدال، سادگی اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کی تعلیم دیتا ہے۔ نکاح اسلامی معاشرت میں ایک مقدس بندھن اور عبادت ہے لیکن افسوس کہ آج کل شادی بیاہ کی تقریبات میں ایسی خرافات شامل ہو چکی ہیں جو نہ صرف اسلامی تعلیمات کے خلاف ہیں بلکہ سماجی مسائل اور اذیت کا بھی سبب بنتی ہیں۔ ان میں سے ایک بڑی خرابی، ایکو ساؤنڈ، لاؤڈ اسپیکر اور ڈی جے کے ذریعے بے ہنگم شور کا پھیلاؤ ہے جو کئی شرعی اور اخلاقی مسائل کو جنم دیتا ہے۔

## شریعت کی روشنی میں شادی کی اصل روح!

نکاح کا اصل مقصد دو خاندانوں کے درمیان محبت، سکون اور برکت پیدا کرنا ہے نہ کہ اسراف، دکھلاوا اور شور وغل کے ذریعے دوسروں کو تکلیف دینا۔ شادیوں میں ایکو ساؤنڈ، ڈی جے، اور لاؤڈ اسپیکر کا بے دریغ استعمال کئی شرعی قباحتوں کا باعث بنتا ہے، جنہیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

## ایکو ساؤنڈ اور بے ہنگم شور کے شرعی نقصانات!

(1) اذیت دینا حرام ہے۔

شادیوں میں ایکو ساؤنڈ اور اونچی آواز میں موسیقی بیماروں، بوڑھوں، بچوں اور نمازیوں کے لیے اذیت اور پریشانی کا سبب بنتی ہے جو سراسر غیر شرعی عمل ہے۔

(2) اسراف اور فضول خرچی!

شادیوں میں ہزاروں روپے صرف بے مقصد شور پر خرچ کرنا جبکہ بہت سے لوگ بھوک اور تنگدستی کا شکار ہیں سراسر اسراف ہے جس سے ہمیں بچنے کا حکم دیا گیا ہے۔

(3) غیر شرعی ماحول کی ترویج!

شادیوں میں موسیقی، گانے اور ڈانس کے ساتھ لاؤڈ اسپیکر اور ایکو ساؤنڈ کا استعمال فحاشی اور بے حیائی کو فروغ دیتا ہے جسے اسلام نے سختی سے منع فرمایا ہے۔ شادی ایک پاکیزہ اور بابرکت عمل ہے لیکن جب اس میں غیر شرعی اعمال شامل ہو جائیں تو اس کی روح متاثر ہو جاتی ہے اور اللہ کی ناراضی کا سبب بنتی ہے۔

## سماجی اور اخلاقی نقصانات!

(1) نیند اور سکون کی بربادی

شادیوں میں رات گئے تک ایکو ساؤنڈ اور ڈی جے کے شور سے لوگوں کی نیند خراب ہوتی ہے، جس کے نتیجے میں بیمار افراد، طالب علم، اور صبح جلدی کام پر جانے والے افراد سخت پریشان ہوتے ہیں۔

(2) نوجوان نسل پر منفی اثرات!

جب نوجوان نسل دیکھتی ہے کہ شادیوں میں موسیقی، ڈانس اور بے ہنگم شور کو معمول بنا دیا گیا ہے تو وہ بھی ایسی خرافات کو اپنا لیتی ہے اور سنت کے مطابق نکاح کو قدامت پسندی سمجھنے لگتی ہے۔


(3) معاشرتی بگاڑ!

شادیوں میں بے مقصد شور شرابہ اور اسراف کی وبا نے ایک دوسرے سے مقابلے کا رجحان پیدا کر دیا ہے، جس سے عام آدمی شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو جاتا ہے اور فضول رسم ورواج کو پورا کرنے کے لیے قرض لینے پر مجبور ہوتا ہے اگر ہم اپنی شادیوں میں سکون، برکت اور اللہ کی رضا چاہتے ہیں تو ہمیں فضول رسومات اور غیر شرعی خرافات سے بچنا ہوگا۔ ایکو ساؤنڈ اور بے ہنگم شور شرابہ صرف ایک رسم نہیں بلکہ ایک بڑی سماجی برائی ہے جو ہماری نسلوں پر منفی اثر ڈال رہی ہے۔ ہمیں نکاح کو اسلامی طریقے سے انجام دینا ہوگا تاکہ یہ دنیا وآخرت میں باعثِ برکت بنے اور ہمارے معاشرے میں حقیقی خوشی، محبت اور سکون کا ذریعہ بنے۔



پاکستان صدائے میوفورم لاہور کے سینئر نائب صدر چوہدری عبدالستار خاں میو کے بیٹے نعمان میو کی شادی کی تقریبات وزیر اعظم کے مشیر شبیر احمد عثمانی، رانا مبشر اقبال ایم این اے، میاں عمران ایم پی اے، سابق ایم پی اے اختر حسین بادشاہ، سابق ڈپٹی میئر راؤ شہاب الدین، سابق ناظمین رمضان مستانہ، زبیر آصف میو، وڈالہ سندھواں کی سیاسی شخصیت چوہدری عبدالوحید میو، پاکستان صدائے میوفورم کے رہنماؤں حاجی نور محمد، چوہدری نعیم حنیف میو، چوہدری اقبال سحر خاں، چوہدری سرور شاہین، چوہدری صابر حسین بلا، حاجی محمد اسلم میو، کیپٹن آزر حسین، چوہدری خالد انجم اور حافظ سلمان طارق کا دلہا اور میزبانوں کے ہمراہ گروپ فوٹو





پاکستان صدائے میو ویلفیئر فورم کے زیر اہتمام رحمت پارک (کوٹ میلہ رام) لاہور میں ہونیوالی گیارھویں اجتماعی شادی کی تقریب کے اختتام پر باراتیں رحمت پارک کے گراؤنڈ سے اپنا اپنا سامان لوڈ کرتے ہوئے (تصویر: حذیفہ سلمان میو)

## عبدالستار خاں کے بیٹے کی شادی میں معروف شخصیات کی شرکت

لاہور (نمائندہ خصوصی) صدائے میوفورم لاہور کے سینئر نائب صدر عبدالستار میو کے بیٹے کی شادی میں وزیر اعظم کے مشیر شبیر احمد عثمانی، ممبران اسمبلی ملک سیف الملوک، رانا مبشر اقبال، میاں عمران، سیاسی شخصیات اختر حسین بادشاہ، چوہدری عبدالوحید میو، راؤ شہاب الدین میو، حاجی محمد یوسف اور صدائے میوفورم کے رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔



دختر میوات محترمہ ناصرہ میو اور ممبر پنجاب اسمبلی محترمہ تاشفین شاہد میو اجتماعی شادی کے موقع پر لیڈیز کے ہال میں پاکستان صدائے میوفورم کی طرف سے دلہنوں کو سلامی دیتے ہوئے

## سرکاری امداد کے بغیر اجتماعی شادی قابل تعریف کوشش ہے

لاہور (نمائندہ صدائے میو) 15 فروری کو ہونے والی 45 بچیوں کی اجتماعی شادی کی تقریب میں آنیوالے مہمانوں نے سرکاری مدد کے بغیر اجتماعی شادی کو قابل تعریف کوشش قرار دیتے ہوئے کہا کہ صدائے میوفورم کی ٹیم جس طرح بلا تفریق خدمت سرانجام دے رہی ہے یہ تمام برادیوں کے بہت بڑا اسبق ہے۔




15 فروری کو رحمت پارک فیروز پور روڈ لاہور میں ہونے والی گیارھویں سالانہ اجتماعی شادی کے موقع پر پاکستان صدائے میوفورم کے رہنما باراتوں کا استقبال کرتے ہوئے















# نواب ناظم کا "لمحوں کا زہر"



تحریر: محمد نوید مرزا

نومبر 2024 کی بات ہے کہ میرے دیرینہ دوست راؤ غلام محمد میو، فارن ٹور سے واپسی پر میرے گھر تشریف لائے۔ میں نے انہیں اپنی نئی کتاب "معکوس" پیش کی۔ وہ بہت خوش ہوئے اور فوراً اپنی گاڑی سے ایک کتاب ''میو سپوت" اٹھا کر میرے حوالے کردی۔ میں نے اس پر خوشی کا اظہار کیا۔اس کتاب کے ذریعے مجھے پہلی بار نواب ناظم کے بارے میں جاننے کا موقع ملا، جنہوں نے میرے دوست غلام محمد میو پر یہ کتاب تحریر کی تھی۔ میں کتاب کی طرزِ تحریر سے متاثر ہوا اور اس پر ایک مختصر تبصرہ لکھ کر فیس بک پر پوسٹ کر دیا۔ اگلے دن نواب ناظم صاحب کا فون آیا۔ انہوں نے اپنا تعارف کرایا اور میرے تبصرے کی درخواست کی، جو میں نے انہیں بھیج دیا۔ اگلے دن یہ تبصرہ روزنامہ "سسٹم" اور روزنامہ "باڈرلائن" میں شائع ہوگیا۔نواب صاحب لاہور کے مذکورہ اخبارات کے ایڈیٹر ہیں۔اس طرح ان سے میرا تعلق قائم ہوا۔ کچھ عرصہ قبل انہوں نے اپنی سات کتابیں بھیجیں، جن میں ان کے دو شعری مجموعے بھی شامل تھے۔ ان کی تخلیقات دیکھ کر ان کے ادبی قد کاٹھ کا اندازہ ہوا۔ اب میں ان کے پہلے شعری مجموعے "لمحوں کا زہر" پر تبصرہ کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔

نواب ناظم کا شعری مجموعہ "لمحوں کا زہر" ان کی فکری بالیدگی، جذباتی شدت اور فنی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ مجموعہ ان کے گہرے مشاہدے، زندگی کے نشیب و فراز کے تجربات اور انسانی جذبات کے لطیف احساسات کو شاعری کی صورت میں قاری کے سامنے پیش کرتا ہے۔ نواب ناظم کی صحافتی بصیرت اور ادبی مہارت ان کے اشعار میں نمایاں نظر آتی ہے، جس سے ان کی شاعری کو ایک خاص معنویت اور گہرائی حاصل ہوتی ہے۔

یہ مجموعہ مختلف اصنافِ سخن کا حسین امتزاج ہے، جس میں مناجات، نعتیں، غزلیں اور نظمیں شامل ہیں۔ آغاز مناجات سے ہوتا ہے جس میں شاعر کا عجز، دعا کی تاثیر اور روحانی سکون جھلکتا ہے۔ اس کے بعد عشقِ مصطفیٰ ﷺ میں ڈوبی ہوئی نعتیہ شاعری سامنے آتی ہے جو عقیدت اور والہانہ محبت کا عکس ہے۔ ان نعتوں کے الفاظ میں سادگی، سچائی اور گہری روحانی وابستگی نمایاں ہے جو قاری کے دل میں محبت رسول ﷺ کے جذبات کو مزید مہمیز دیتی ہے۔

نواب ناظم کی غزلوں میں انفرادیت اور تازگی کا احساس ہوتا ہے۔ وہ روایتی غزل کی کلاسیکی چمک دمک کو برقرار رکھتے ہوئے جدید دور کے تقاضوں سے بھی ہم آہنگ نظر آتے ہیں۔ ان کی غزلیں محض جذبات و احساسات کا بیان نہیں بلکہ زندگی کی سچائیوں کا آئینہ ہیں۔ ان کے اشعار میں سماج کی ناہمواریوں، انسانی رشتوں کی پیچیدگیوں اور داخلی جذبات کی عکاسی بخوبی ملتی ہے۔ نظموں کی بات کی جائے تو نواب ناظم کے اس مجموعے میں کئی خوبصورت اور متاثر کن نظمیں شامل ہیں۔ ان نظموں میں ایک فکری گہرائی اور جذباتی شدت محسوس کی جاسکتی ہے۔ وہ الفاظ کے برتاؤ میں نہایت مہارت رکھتے ہیں اور شاعری میں معنویت کے ساتھ ساتھ حسن اور چاشنی کا بھی بھرپور خیال رکھتے ہیں۔ ان کی نظموں میں زندگی کی حقیقتوں، امید و ناامیدی، روشنی و تاریکی، عشق و محبت اور انسانی نفسیات جیسے موضوعات نمایاں ہیں۔

ان کے کلام کا سب سے نمایاں پہلو سادگی اور روانی ہے۔ مشکل الفاظ یا پیچیدہ ترکیبات سے گریز کرتے ہوئے وہ اپنی شاعری کو عام فہم رکھتے ہیں لیکن ساتھ ہی اس میں گہرائی اور اثر انگیزی برقرار رہتی ہے۔ ان کی شاعری میں داخلی کرب، درد، احتجاج، معاشرتی ناہمواریوں پر تنقید اور اصلاح کی جھلک نظر آتی ہے۔ ان کے ہاں زبان کی چاشنی، بیان کی روانی اور خیالات کی پختگی ایک خوبصورت امتزاج کی صورت میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ یہ مجموعہ محض شاعری کی کتاب نہیں بلکہ ایک عہد کی ترجمانی ہے جس میں نواب ناظم نے اپنے محسوسات، تجربات اور مشاہدات کو شعری قالب میں ڈھال کر قاری تک پہنچایا ہے۔ "لمحوں کا زہر" نواب ناظم کے فکری ارتقا، ان کے جمالیاتی ذوق اور فن پر عبور کا بہترین نمونہ ہے، جو اردو ادب کے قارئین کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ثابت ہوسکتا ہے۔

شاعری اس وقت تک اپنا دریچہ وا نہیں کرتی جب تک فنی مہارت جزوِ جاں نہیں بن جاتی۔ خداداد صلاحیتیں اپنی جگہ ہیں لیکن زبان و بیان اور بحر و اوزان کے علم کے بغیر مکمل اور پورا شعر کہنا محال ہے۔ علامہ صاحب نے انہیں زبان و بیان اور بحور و اوزان میں تاک کر دیا۔ نواب ناظم صاحب اپنے اظہارِ تشکر میں اعتراف کرتے ہیں: "استادِ محترم علامہ ذوقی مظفرنگری صاحب جن کی شفقت و محبت نے میرے ادبی شعور کو جلا بخشی اور مجھے شعرا کرام کی فہرست میں لا کھڑا کیا۔ استادِ محترم کا تاحیات مقروض رہوں گا۔"

نواب ناظم صاحب نے مشکل تراکیب، مبہم علامتوں اور دقیق استعاروں سے اجتناب کرتے ہوئے سادہ و سلیس زبان کا استعمال کیا ہے جس سے ان کی شاعری عام فہم اور پرکشش بن گئی ہے۔ وہ مسلسل تگ و دو سے اس اسلوب کو پانے کے قریب پہنچ گئے ہیں جو ان کی پہچان ہوگا۔ جناب عابد حسین عابد اپنے مضمون میں لکھتے ہیں: "یہ ہمارا ترقی پسند تحریک کا فطری اتحادی ہے۔ فکر اور شعور کا راستہ کبھی کمزور نہیں پڑتا۔ جس دن لوگوں کی بڑی تعداد نے اس فکر سے رشتہ استوار کرلیا کسی مصلحت کو آڑے نہ آنے دیا اس دن ہم اس سماج کو بدلنے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔" نواب ناظم کی شاعری اسی سماجی تبدیلی کی خواہش کے گرد گھومتی ہے۔ ان کا شعری فلسفہ شعر برائے شعر نہیں بلکہ اپنے اندر عام انسان کی خوشحالی اور تبدیلی کا خواہاں ہے۔

نواب ناظم نے شاعری کسی حجرے یا غار میں بیٹھ کر نہیں کی۔ انہوں نے اپنی صحافیانہ زندگی سے بہت کچھ سیکھا، استاد ذوقی سے استفادہ کیا، تکیہ املی والا اور انارکلی کے مشاعروں سے نظم و غزل کے گیسو سنوارے اور مختلف اساتذہ سے زانوئے تلمذ حاصل کر کے اپنی شاعری کی آبیاری کی۔ نامور شاعر باقی احمد پوری نواب ناظم صاحب کی شاعری کے بارے میں فرماتے ہیں: ردیف و قوافی کی بعض بندشیں خود خیالات کو کھینچ کر شاعر کے نوکِ قلم تک لے آتی ہیں اور ان سے مفر ممکن نہیں ہوتا۔ چھوٹی بحروں میں شاعر کا جوہر کھلتا ہے۔

میں ذاتی طور پر نواب ناظم کی شعری استعداد سے متاثر ہوا ہوں۔ وہ کسی کے خیالات کی جگالی نہیں کرتے، جو بھی کہتے ہیں اپنا کہتے ہیں اور سادگی و سلاست سے کہتے ہیں۔ میں نے ان کے اشعار میں میر صاحب جیسی کاٹ دیکھی ہے اور برجستگی بھی جگہ جگہ نظر آتی ہے۔ جناب اسلم کولسری صاحب نے ان کے بارے میں درست فرمایا ہے: "نواب ناظم کی شاعری سادگی، انتہائی دردمندی اور سلاست سے مملو ہے۔ وطن سے محبت ان کی شاعری کو سیراب کرتی ہے تو اہل وطن کے دکھ زخموں کے گلاب بن کر اس میں مہکتے دکھائی دیتے ہیں۔ ان کی نظم ہو یا غزل، یہ اوصاف ہر جگہ نمایاں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار دل سے نکلنے اور دل میں جا بیٹھنے کی تاثیر رکھتے ہیں۔"

نواب ناظم کی شاعری اردو ادب کے گلستان میں تازہ ہوا کا جھونکا ہے۔ مجھے ان کی شاعری کا مستقبل درخشاں نظر آتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ وہ اپنے دردمند اشعار کی صورت میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

**غزلوں کے چند اشعار:**

دم لبوں پر کیوں نہ ہو مزدور کے
مفلسی ہے اور ہے مہنگا اناج

مرنا بھی اب غریب کو دشوار کیوں نہ ہو
کم بخت اب تو زہر بھی مہنگا ہے شہر میں

راہزن لوٹتے ہیں لوگوں کو
اور مجھے رہبری نے لوٹا ہے

کیسے ہم کٹنے سے پیڑ بچا لیتے
اپنے پاس تو کاغذ کی شمشیریں تھیں

مرنا بھی اب غریب کو دشوار کیوں نہ ہو
کم بخت اب تو زہر بھی مہنگا ہے شہر میں

کارواں کس طرح پاتے منزلِ نو کا سراغ
راہرو اچھے تھے لیکن راہبر اچھے نہ تھے

غزل کے ساتھ ساتھ انہوں نے نظم نگاری پر بھی خصوصی توجہ دی ہے۔ ان کی نظمیں سیاسی شعور کی حامل ہوتی ہیں۔ انہوں نے معراج خالد، علامہ ذوقی مظفرنگری، احسان دانش، شاعرِ مشرق، تحریکِ پاکستان، جشن آزادی اور قائدِ اعظم پر بڑی جاندار نظمیں لکھی ہیں۔ اس سے ان کے سیاسی میلانات اور وطن پرستی کی غمازی ہوتی ہے۔

# مسکراہٹ Smile ایک خفیہ ہتھیار

آف دی ریکارڈ
متین قیصر ندیم میو
(احمد پور سیال)
03006821668



چہرے پہ سجی مسکان دغا دے گئی
کٹیا سے اک غریب کی وفا لے گئی

مسکراہٹ کا تعلق براہ راست صحت اور خود اعتمادی سے ہے. مسکراہٹ سے بڑے سے بڑے مسئلے کا حل نکالا جا سکتا ہے، مسکراہٹ شخصیت کو جاذب نظر بناتی ہے، مسکراہٹ سے زندگی آسان ہوجاتی ہے، مسکراہٹ دوست بنانے کی فیکٹری ہے، مسکراہٹ خوبصورتی جاذبیت کشش وجاہت اور خود اعتمادی کے پھول ہیں، مسکراہٹ کے دھوکے سے بہت سے گھر برباد ہوئے ہیں، مسکراہٹ کے فریب سے شعراء کی غزلیں، نظمیں پھولوں کی رنگ دمک تتلیوں کی اٹکھیلیاں بلبل کے ترانے بھی نہ بچا سکے آہوں سسکیوں کی دبی دبی سی آوازیں مسکراہٹ کے خاموش وار ہیں۔ مسکراہٹ آپ کے ذہنی تناؤ اور بے چینی کو کم کرتی ہے، آپ کے چہرے کی کشش میں اضافہ کرتی ہے

آج کی تیز رفتار زندگی اور نت نئی پریشانیوں نے ہم سے ہماری مسکراہٹ چھین لی ہے۔ ہنسنے، مسکرانے اور خوش رہنے کا تعلق نہ صرف ہماری اچھی صحت سے ہے بلکہ یہ ہماری خود اعتمادی میں بھی اضافہ کرتی ہے جس سے ہماری جسمانی و ذہنی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مسکراہٹ آپ کے دائیں بائیں دوستوں کا جھرمٹ لگا دیتی ہے آپکی فرینڈز لسٹ میں۔۔ حسد بغض منافقت سے لیس بہت سے خوش نما چہرے اول و آخر موجود ہونگے۔

ہنسنا مسکرانا ہماری صحت کیلئے اتنا ہی ضروری ہے جتنا ورزش کرنا، یا صحت مند غذا کھانا۔ مسکراہٹ کے جادوئی اثرات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اگر آپ اکیلے بھی مسکرائیں گے تب بھی آپ کے قریب موجود شخص آپ کو دیکھ کر یقیناً مسکرائے گا۔ مسکراہٹ آپ کے ذہنی تناؤ اور بے چینی کو کم کرتی ہے اور آپ کے چہرے کی کشش میں اضافہ کرتی ہے جبکہ اس سے قوت مدافعت بھی بڑھتی ہے۔

مسکرانا دماغ کے اس حصے کو متحرک کرتا ہے جو آپ کے جذبات کو کنٹرول کرتا ہے۔ مسکراہٹ کے پیچھے دانتوں کا بڑا عمل دخل ہے۔ اچھی مسکراہٹ کے پیچھے آپ کے دانتوں کا بڑا کردار ہوتا ہے۔ سیدھے دانت والے لوگ زیادہ قابل اعتماد، پراعتماد سمجھے جاتے ہیں۔ خوبصورتی مسکراہٹ سے ظاہر ہوتی ہے۔ انسان کی مسکراہٹ اس کی تصویر، اعتماد اور در حقیقت جسمانی اور ذہنی صحت میں بڑا کردار ادا کرتی ہے جن کے دانتوں کی لکیر درست ہوتی ہے وہ زیادہ مسکراتے ہیں۔

نوعمر بچے دن میں 200 بار ہنستے ہیں اس میں آدھے سے زیادہ زور سے ہنسنا شامل ہے۔ محققین کا کہنا ہے کہ لوگوں کی ہنسی عمر کے ساتھ کم ہوتی جاتی ہے۔

جھوٹی مسکراہٹ بھی مفید!

ایک تحقیق کے مطابق اگر آپ جھوٹی مسکراہٹ بھی اپنے چہرے پر سجائیں اور جھوٹی ہنسی ہنسیں تو آپ کا دماغ اس دھوکے میں آجائے گا کہ آپ خوش ہیں۔ اس کے بعد وہ قدرتی طور پر آپ کے ذہنی تناؤ اور فکر کو کم کر کے ایسے ہارمونز پیدا کرے گا جو آپ کو خوش رکھنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

مسکرانا عضلات کی ورزش ہے!

مسکراتے ہوئے آپ کے چہرے کے تمام عضلات حرکت میں آجاتے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ بعض افراد کا چہرہ بالکل سپاٹ ہوتا ہے اور اس پر کوئی تاثر نہیں آتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے چہرے کے عضلات حرکت نہ کرنے کے باعث اکڑ جاتے ہیں۔ ہنسنے سے دل کی صحت اچھی رہتی ہے، دورانِ خون بہتر ہوتا ہے اور پٹھوں کو آرام ملتا ہے۔ اس کے علاوہ ہنسنے کا عمل پھیپھڑوں کیلئے بہت مفید ہے۔ واضح رہے کہ ہر سال 'عالمی یوم مسکراہٹ' اکتوبر کے پہلے جمعہ کو منایا جاتا ہے۔

خود اپنے آپ کو مصروف کرلیا میں نے
یہ دیکھ کر کہ ترے آس پاس تھے دنیا بہت

:ایک جگنو ہے کہ منزل کے حوالے مانگے
ایک تتلی ہے کہ جگنو سے اُجالے مانگے

ایک وہ حشر ہے جو دل میں بپا رہتا ہے
اور اک دل ہے، زباں پر بھی جو تالے مانگے

بڑے تپاک سے ملتا ہے کچھ دنوں سے مجھے
وہ شخص مجھ کو کسی مسئلے میں لگتا ہے

:یہ کیا دست اجل کو کام سونپا ہے مشیت نے
چمن سے پھول چننا اور ویرانے میں رکھ دینا

# کامیابی

ایک حکیم سے پوچھا گیا: زندگی میں کامیابی کیسے حاصل ہوتی ہے؟

حکیم نے کہا اس کا جواب لینے کیلئے آپ کو آج رات کا کھانا میرے پاس کھانا ہوگا۔

سب دوست رات کو جمع ہو گئے۔ حکیم نے سوپ کا ایک بڑا برتن سب کے سامنے لا کر رکھ دیا اور سوپ پینے کے لیے سب کو ایک ایک میٹر لمبا چمچ دے دیا۔ اور سب کو کہا کہ آپ سب نے اپنے اپنے لمبے چمچ سے سوپ پینا ہے۔

ہر شخص نے کوشش کی، مگر ظاہر ہے ایسا ناممکن تھا۔

کوئی بھی شخص چمچ سے سوپ نہیں پی سکا۔ سب بھوکے ہی رہے۔

سب ناکام ہو گئے تو حکیم نے کہا:

میری طرف دیکھو۔ اس نے ایک چمچ پکڑا، سوپ لیا اور چمچ اپنے سامنے والے شخص کے منہ سے لگا دیا۔

اب ہر شخص نے اپنا اپنا چمچ پکڑا اور دوسرے کو سوپ پلانے لگا۔

سب کے سب بہت خوش ہوئے۔ سوپ پینے کے بعد حکیم کھڑا ہوا اور بولا:

جو شخص زندگی کے دسترخوان پر اپنا ہی پیٹ بھرنے کا فیصلہ کرتا ہے، وہ بھوکا ہی رہے گا۔ اور جو شخص دوسروں کو کھلانے کی فکر کرے گا، وہ خود کبھی بھوکا نہیں رہے گا۔ دینے والا ہمیشہ فائدہ میں رہتا ہے، لینے والے سے۔

آپ زندگی میں اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتے، جب تک آپ کے دوست احباب کامیاب نہیں ہوتے۔ ہم سب کی کامیابی کا راستہ دوسروں کی کامیابی سے ہو کر گزرتا ہے لیکن افسوس موجودہ دور میں ہر شخص دوسرے کی ناکامی میں کامیابی تلاش کر رہا ہے اور ایک دوسرے کا سہارا بننے کی بجائے ہر کوئی دوسرے کو بے سہارا کرنے کی کوشش میں ہے۔ کبھی تنہائی میں سوچیں تو سمجھ آجائے گی ہم ناکام کیوں ہیں۔

# یہ صرف آگ نہیں غزہ کی بددعائیں ہیں




زیر نظر تصویر میں نظر آنے والے شخص کا نام جیمز ووڈ (James Woods) ہے جو کہ ایک مشہور امریکی اداکار ہے۔ جیمز کتنے بڑے اداکار ہیں اس کا اندازہ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ جیمز دو مرتبہ آسکر ایوارڈ کیلئے نامزد ہو چکے ہیں اور تین مرتبہ ایمی ایوارڈ جیت چکے ہیں۔ پچھلے دنوں جیمز مشہور امریکی نیوز چینل CNN پر انٹرویو دیتے ہوئے رو پڑے اور زیر نظر تصویر بھی اسی CNN کے ایک کلپ کی ہے جب وہ رو رہے تھے۔ جیمز لائیو ٹی وی پر کیوں رو رہے تھے اس بات پر آنے سے پہلے آپ کو تھوڑا ماضی میں لئے چلتے ہیں۔

تقریباً سوا سال پہلے 7 اکتوبر 2023ء کو حماس کی جانب سے اسرائیل پر حملے کے بعد اسرائیل نے غزہ پر انسانی تاریخ کا بدترین حملہ کیا۔ اسکول سے سے لیکر کالج اور ہسپتالوں تک کو زمین بوس کر دیا گیا۔ رہائشی عمارتوں پر بدترین بمباری کی گئی۔ صرف چوبیس گھنٹوں میں ہی انسانی بستیوں کی بستیاں اجاڑ کر رکھ دی گئی۔ ہزاروں لوگ براہ راست ان حملوں میں مارے گئے، لاکھوں لوگ بے گھر ہو کر نقل مکانی کرنے پر مجبور ہوئے۔ بعد میں نقل مکانی کرنے والوں میں سے بھی ان گنت لوگ بھوک، افلاس اور موسمی سختیوں کی وجہ سے اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

اسرائیل کی جانب سے روا رکھے جانے والے ان مظالم کو دیکھ کر پتھر سے پتھر دل انسان بھی پسیج جائے مگر دنیا میں کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو ان مظالم کو انجوائے کر رہے تھے اور نا صرف انجوائے بلکہ کھل کر اسرائیل کے ان مظالم کی تائید اور تعریف کر رہے تھے۔ انہی لوگوں میں سے ایک نام جیمز ووڈ کا بھی تھا۔ جیمز کی مسلم دشمنی کا عالم یہ تھا کہ یہ شخص ٹویٹر پر ایک تصویر شیئر کرتا ہے جس میں غزہ کی ایک عورت اپنے تباہ شدہ مکان کے ملبے پر بیٹھ کر اپنے خاندان کی موت اور اپنے گھر کی تباہی کا ماتم کر رہی ہوتی ہے اور یہ شخص جیمز ووڈ اس تصویر پر اسرائیل کی تعریف کرتے ہوئے لکھتا ہے Good Job اسرائیل نے بہت اچھا کیا اور ایک دوسری پوسٹ پر یہ خبیث لکھتا ہے کہ غزہ میں کسی کو بھی معاف نہیں کیا جانا چاہیئے بچوں اور عورتوں سمیت سبھی کو مار دینا چاہیے۔

اب آتے ہیں اس بات کی طرف کہ جیمز لائیو ٹی وی پر رو کیوں رہا ہے۔ جیمز امریکی ریاست کیلیفورنیا کا رہائشی ہے۔ 7 جنوری 2025ء کو کیلیفورنیا کے جنگلات میں اچانک سے آگ بھڑک اٹھی جو دیکھتے ہی دیکھتے سارے جنگل میں پھیل گئی۔ آگ کے ساتھ ساتھ تیز ہواؤں نے آگ کو مزید تیزی کے ساتھ بڑھایا اور آگ جنگل سے نکل کر رہائشی آبادیوں میں داخل ہوگئی۔ اطلاعات کے مطابق 38000 ایکڑ رقبے پر پھیلی رہائشی عمارتیں اور گھر آگ کی نظر ہو چکے ہیں۔ انہی گھروں میں سے ایک گھر جیمز ووڈ کا بھی تھا۔ جیمز نے ساری زندگی کی جمع پونجی لگا کر ایک اعلیٰ شان گھر کیلیفورنیا میں تیار کروایا تھا جو جل کر راکھ ہو چکا ہے۔ اور زیر نظر دوسری تصویر جیمز کے اسی گھر کی ہے جو آگ کی نظر ہو چکا ہے یہی نہیں اس آگ کی وجہ سے لاکھوں لوگ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں اور ان لاکھوں لوگوں میں جیمز ووڈ بھی شامل ہیں۔ آج جیمز بھی اسی تباہی اور بے بسی کا شکار ہے کہ جس بے بسی اور تباہی کا شکار وہ عورت تھی جس کی تصویر کا ٹھٹھہ جیمز نے اڑایا تھا۔ آج جیمز کی بھی حالت اسی غزہ کی عورت کی طرح ہے کہ جس کا گھر مکمل طور پر تباہ ہو چکا تھا اور وہ نقل مکانی کرنے پر مجبور تھی۔ آج جیمز کا بھی گھر جل کر تباہ ہو چکا ہے اور وہ بھی اسی عورت کی طرح نقل مکانی پر مجبور ہے کہ جس عورت کی دل کو چیر کر رکھ دینے والی تصویر پر جیمز دل کھول کر ہنسا تھا۔ فرق صرف یہ ہے کہ اس عورت کا کوئی پرسان حال نہیں تھا مگر جیمز آج CNN پر بیٹھا آنسو بہا کر اپنا من ہلکا کر رہا ہے۔

امریکی حکومت نے غزہ کی جنگ شروع ہونے کے بعد اسرائیل کو 100 ارب ڈالر کا اسلحہ فراہم کیا تھا تا کہ اسرائیل دل کھول کر غزہ کے لوگوں کے خون کے ساتھ ہولی کھیل سکے۔ اسرائیل نے ایک سال میں بدترین بمباری کر کے جتنا نقصان غزہ کو پہنچایا تھا اس سے زیادہ کا نقصان امریکہ کو صرف 24 گھنٹوں میں اس آگ کی وجہ سے ہو چکا ہے۔ اطلاعات کے مطابق اس آگ نے صرف 2 سے 3 دن کے اندر ہی امریکی معیشت کو 75 ارب ڈالر کا نقصان پہنچایا ہے۔ شاید امریکی معیشت اس نقصان سے کئی سال پیچھے چلی جائے۔ آج یہ بات پوری طرح سچ ثابت ہو رہی ہے کہ اللہ کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے جب یہ برستی ہے تو ظالم کو چھپنے کی جگہ نہیں ملتی۔ آج امریکہ کو اسی آگ اور تباہی کا سامنا کرنا پڑا جس آگ اور تباہی میں وہ دنیا کو جھلسانا چاہتا ہے۔



چوہدری عمران ایڈووکیٹ — الحاج فاروق احمد — محمد سلیم میو — مولانا محمد اسلم میو — مولانا محمد ناصر میو — راؤ محمد سلیم میو — ڈاکٹر محمد ہارون — عبدالوحید میو — چوہدری آس محمد — چوہدری ممتاز میو — محمد اشرف میو — محمد شاہین میو — محمد سلیم میو — محمد شاہین پارس — چوہدری سلیم یونس

## فروری میں جوہر آباد (خوشاب) اور دیگر علاقوں سے بننے والے ''صدائے میو'' کے نئے ممبران

### سالانہ ممبران جوھر آباد

(1) چوہدری عمران ایڈووکیٹ (میوموٹرز) جوہر آباد
(2) الحاج محمد فاروق میو (آئیڈیل فیبرکس) جوہر آباد
(3) محمد سلیم میو (سلیم الیکٹرونکس) جوہر آباد
(4) چوہدری سلیم یونس میو (نیومیوموٹرز) جوہر آباد
(5) محمد سلیم میو (میوبرادرز آٹوز سروسز) جوہر آباد
(6) محمد شاہین پارس (شاہین اکیڈمیز) جوہر آباد
(7) مولانا محمد ناصر میو (مفتی محمود مرکز) سٹلائٹ ٹاؤن
(8) محمد اشرف میو (بلاک نمبر 6) جوہر آباد
(9) چوہدری ممتاز احمد (آشیانہ ہاؤسنگ سکیم) جوہر آباد
(10) راؤ محمد سلیم میو (بسم اللہ آٹوز) سیکسر روڈ جوہر آباد
(11) مولانا محمد اسلم میو (مدرسہ تعلیم القرآن) اسماعیل ٹاؤن
(12) عبدالوحید میو (چک نمبر 63/10 ایم بی) جوہر آباد
(13) ڈاکٹر ہارون میو (چک نمبر 63/10 ایم بی) جوہر آباد
(14) چوہدری آس محمد (حمزہ پبلک سکول) چک 63/10
(15) امان اللہ میو (چک نمبر 63/10 ایم بی) جوہر آباد
(16) راؤ آغا خاں (چک نمبر 63/10 ایم بی) جوہر آباد
(17) چوہدری محمد حنیف میو (چک نمبر 63/10 ایم بی)
(18) محمد شاہین میو (چک نمبر 63/10 ایم بی) جوہر آباد
(19) عبیدالرحمٰن ایڈووکیٹ (چک نمبر 63/10 ایم بی)
(20) سکندر وحید میو (چک نمبر 63/10 ایم بی) جوہر آباد
(21) شوکت علی میو (میوفلنگ اسٹیشن) چک نمبر 63/10
(22) جیت محمد میو (چک نمبر 63/10 ایم بی) جوہر آباد
(23) نمبردار چوہدری انور میو (چک 56/3) جوہر آباد



چوہدری اسماعیل میو — چوہدری طاہر حمید میو — حاجی محمد اسلم میو

(23) حاجی علی محمد میو (چک 56/3 ایم بی) جوہر آباد
(24) صوبیدار یوسف میو (چک 56/5) جوہر آباد
(25) ڈاکٹر محمد شکیل راؤ (چک 62/9 ایم بی) جوہر آباد
(26) محترمہ فاطمہ آزاد (چک 62/9 ایم بی) جوہر آباد
(27) چوہدری برکت علی میو (چک 62/9 ایم بی)
(28) ڈاکٹر محمد رفیق میو (چک 62/9 ایم بی) جوہر آباد
(29) سیّد نجم الحسن شاہ (چک 52/13 ایم بی) جوہر آباد
(30) چوہدری حنیف میو (چک 52/13 ایم بی) جوہر آباد
(31) دانیال نصیر (نصیر جنرل سٹور) چک 52/13 ایم بی
(32) محمد علی ایوب میو (چک 52/13 ایم بی) جوہر آباد

### دیگر علاقوں کے سالانہ ممبران

(1) چوہدری محمد اسماعیل میو (دھم تھل) نارووال
چوہدری طاہر حمید میو (خوشحال گڑھ) ظفروال
(2) حاجی محمد اسلم میو (رحمانپورہ) رائیونڈ



ڈاکٹر محمد شکیل راؤ — چوہدری برکت علی — ڈاکٹر محمد رفیق میو
چوہدری آزاد میو — نمبردار انور میو — حاجی علی محمد میو
عبیدالرحمن میو — سکندر وحید میو — آغا خاں میو



صوبیدار محمد یوسف — سیّد نجم الحسن شاہ — چوہدری محمد حنیف
نصیر ریاض میو — محمد علی میو — امان اللہ خاں
جیت محمد میو — چوہدری ایوب میو — چوہدری حنیف میو

















# قارئین کی محفل

ایڈیٹر کی ڈاک میں قارئین کھل کر اپنی رائے اظہار کر سکتے ہیں لیکن ان کی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری ہے

## بیٹی کا نام نکالے جانے پر کوئی افسوس نہیں ہوا، ملک غلام غوث

محترم حافظ سلمان صاحب! پہلے ہم آپ کو جانتے نہیں تھے کسی بھائی کے بتانے پر ہم نے اجتماعی شادیوں کے دو فارم لے کر جمع کرائے تو ہم آپ لوگوں سے مل کر بے فکر ہو گئے مگر جب آپ لوگ ہمارے فارم کی تصدیق کرنے کے لئے اور ہمارے حالات دیکھ کر ایک بچی کا فارم مسترد کیا تو یقین جانیں ہمیں کوئی افسوس نہیں ہوا کیونکہ آپ لوگوں کا طریقہ بہت اچھا لگا اور اپنی برادری پر افسوس ہوا کہ ہماری حالت جاننے کے باوجود کبھی کسی نے ہمارا حال تک نہ پوچھا اور آپ نے غیر برادری کا ہو کر ہم سے اپنوں جیسا سلوک کیا۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پوری میو برادری اور پاکستان صدائے میو فورم تنظیم ہمیشہ آباد و شاداب رکھے۔

آپکا احسان مند، ملک غلام غوث (بستی سنتوک) قصور

ملک صاحب! دعاؤں کا بہت شکریہ۔ الحمد اللہ ہم اپنے طریقہ کار اور میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے آپ کے حالات دیکھ کر ہمیں جو بہتر لگا وہی فیصلہ کیا۔ باقی اجتماعی شادیوں کے معاملے میں ہمارا مقصد ہی خدمت بلا تفریق اس لئے ہمیں کوئی غرض نہیں کہ کون کس برادری سے ہے بس مستحق ہونا چاہئے۔

## شکر ہے قیس چودھری صاحب مقصد کی طرف آ گئے، ابراہیم میو

محترم بھائی حافظ سلمان! ہم کئی سالوں سے صدائے میو بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور میواتی میں چھپنے والے مضامین کو تو دلچسپی سے پڑھتے ہیں۔ قیس چودھری صاحب نے ”گھرچڑی میوخاں“ کے نام سے مضمون شروع کیا تو پہلی قسط کے بعد کئی ماہ تک مضمون کے عنوان پر لکھنے کی بجائے اِدھر اُدھر کی باتیں لکھی جاتی رہیں جنہیں پڑھ کر معلومات میں تو اضافہ ہوتا رہا لیکن مقصد کی بات نہ ہونے کی وجہ سے دلچسپی کم ہوتی چلی گئی۔ کافی انتظار اور صبر کے بعد قیس صاحب مقصد کی طرف آئے ہیں۔ ہماری درخواست ہے کہ وہ اگلی قسطوں میں دیگر باتیں کرنے کی بجائے صرف گھرچڑی میوخاں کی ہی تاریخ بیان کریں گے۔

آپکا بھائی، محمد ابراہیم میو (شالیمار ٹاؤن) ضلع لاہور

ابراہیم بھائی! ہم آپ کی بات سے اتفاق کرتے ہیں لیکن تاریخ دان کوئی بھی بات کرتے ہیں تو ارد گرد پر بھی نظر رکھتے ہیں اور موقع محل تک پہنچنے سے پہلے دیگر واقعات کا بھی ذکر کرتے ہیں مگر قسط وار اور وہ بھی ماہانہ رسالے کے قارئین پرانی باتیں ذہن نشین رکھنے میں دشواری ہوتی ہے اسی لئے قیس صاحب سے بہت سے قارئین کو شکایت رہی۔

## اجتماعی شادی کا ماحول دیکھ کر تحفظات ختم ہو گئے، اسماعیل میو

محترم چیف ایڈیٹر صاحب! میرا برادری کے پروگرامز میں جانا بہت کم ہوتا ہے پہلے صرف میو سپوت ایوارڈ کی تقریب میں ہی شرکت کی تھی۔ سوشل میڈیا پر اجتماعی شادی کے حوالے سے کچھ لوگوں کی باتیں سن کر لگا کہ اجتماعی شادیوں کا طریقہ کار ٹھیک نہیں اس لئے دفتر سے چھٹی کر کے اجتماعی شادی کی تقریب میں جانے کا فیصلہ کیا اور وہاں کا ماحول دیکھ کہ نہ صرف تمام تحفظات دور ہو گئے بلکہ یہ دیکھ کر بہت ہی خوشی کوئی کہ وہاں عزت نفس مجروح ہونے والی کوئی بات ہی نہیں تھی سچی بات ہے دلہنوں کا تو ہمیں پتہ نہیں تھا کہ کہاں بٹھائی گئی ہیں اور دلہا حضرات کو بھی اسٹیج پر نہیں بٹھایا گیا۔ میں نے سرکاری اجتماعی شادیاں بھی دیکھی ہیں مگر صدائے میو جیسا ماحول کہیں نہیں دیکھا۔

منجانب، محمد اسماعیل میو (پنجاب سوسائٹی) لاہور

ابراہیم بھائی! آپ جیسے بہت سے لوگ ہیں جو لوگوں کی منفی باتیں سن کر اجتماعی شادی کی تقریبات میں صرف اس لئے آتے ہیں تاکہ دیکھ سکیں کہ واقعی ایسا ہی ہوتا ہے جیسا پروپگنڈہ کیا جاتا ہے اگر ہمارا مقصد غریبوں کی عزت نفس مجروح کرنا ہوتا تو لوگ ہمارے ساتھ تعاون ہی نہ کرتے اور بچی والے بھی طریقہ کار پر اعتراض کرتے۔

## کیا بیرسٹر کے بی خاں کی کتاب شائع ہو گئی ہے، شگفتہ وسیم

محترم حافظ سلمان بھائی! سب سے پہلے اجتماعی شادی کی مثالی تقریب منعقد کرنے پر صدائے میو فورم کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ بھائی کی مصروفیت کی وجہ سے اس بار شرکت تو نہ کر سکے مگر جاننے والوں سے پتہ چلا کہ بہت اچھا پروگرام ہوا۔ بھائی صدائے میو میں پڑھا تھا کہ بیرسٹر بے بی خاں صاحب کی کتاب تیاری کے مراحل میں ہے کیا 1857ء کی جنگ آزادی کے حوالے سے ان کی کتاب شائع ہو گئی ہے اگر نہیں ہوئی تو کب تک امید ہے برائے مہربانی اس بارے میں قارئین کو ضرور بتائیں تاکہ ان کی قسطوں کا انتظار نہ کرنا پڑا۔

آپکی بہن، شگفتہ وسیم (پرانا کاہنہ) لاہور

شگفتہ بہن! ہماری اطلاع کے مطابق بیرسٹر صاحب نے کتاب لکھ تو لی ہے اور اس کی اشاعت کیلئے پبلشرز سے رابطہ میں بھی ہیں لیکن ابھی تک شائع نہیں ہوئی جیسے ہی کتاب مارکیٹ میں آئے گی انشاء اللہ اس کی خبر صدائے میو میں شائع کر دی جائے گی اور کہاں سے مل سکے گی پوری تفصیل سے آگاہ کر دیا جائے گا۔

## بدوکی میں میو کالج بن جائے گا یا صرف باتیں ہیں، شکیل احمد

محترم چیف ایڈیٹر صاحب! گزشتہ دنوں میو کالج کے حوالے سے معززین برادری کی بڑی بیٹھک ہوئی تھی۔ سنا ہے اس میں متفقہ طور پر کالج بنانے اور یکم رمضان المبارک کو اس کا سنگ بنیاد رکھنے کا فیصلہ کیا ہے کیا واقعی بدوکی میں میو کالج بن جائے گا یا صرف پہلے کی طرح ہی باتیں ہی کی جارہی ہیں۔ آپ چونکہ برادری کے معاملات پر گہری نظر رکھتے ہیں اور ”صدائے میو“ کے ذریعے قارئین کو حقیقت سے آگاہ بھی رکھتے ہیں اس لئے اس بارے میں آپ ہی بہتر بتا سکتے ہیں کہ اصل معاملہ کیا ہے اور فیصلے میں کتنی سنجیدگی ہے؟۔

جواب کا منتظر، شکیل احمد خاں میو (ہڈیارہ) ضلع لاہور

شکیل بھائی! فیصلہ تو بالکل ہوا تھا اور تین رکنی کمیٹی بھی بنا دی گئی تھی لیکن ابھی تک فیصلے کو عملی جامہ پہنانے کی کوئی صورت نظر نہیں آرہی۔ یکم رمضان المبارک کو کالج کا نہیں مسجد کا سنگ بنیاد رکھنا تھا جو کہ نہیں رکھا گیا کیونکہ انجمن اتحاد و ترقی میوات کے ذمہ داران کمیٹی کو کالج بنانے کے معاملات سے آگاہ ہی نہیں دے سکے۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

## کہروڑپکا کا نعت خواں حافظ تنویر اسماعیل انتقال کر گئے



کہروڑپکا (رپورٹ/چوہدری ذوالفقار علی) چاہ محمد والا کہروڑپکا کے چوہدری اسماعیل میو کا بیٹا، رستم رائس فیکٹری لائل پور کے حاجی ستم خاں میو کا بھتیجا اور حاجی اکبر علی میو کا کزن معروف نعت خواں حافظ محمد تنویر میو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ جنازہ میں بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

## ذوالفقار میو کے بہنوئی ڈاکٹر جمیل میو ملتان میں وفات پا گئے

ملتان (نمائندہ صدائے میو) میو سوشل گیدرنگ کراچی کے انفارمیشن سیکرٹری ذوالفقار علی میو کے بہنوئی ڈاکٹر جمیل طاہر میو ملتان شہر میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ جنازہ میں بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی اور لواحقین سے اظہار افسوس کیا۔

## چوہدری ناصر محمود میو کے بھابھی شجاع آباد میں وفات پا گئیں


شجاع آباد (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم ضلع ملتان کے چیف آرگنائزر چوہدری ناصر محمود میو کی بھابھی علی ٹاؤن شجاع آباد میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ جنازہ میں سیاسی وسماجی شخصیات سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔



صدائے میو شجاع اباد کے نمائندہ خصوصی عزیز الرحمٰن میو کا شجاع آباد کی نواحی بستی میں اپنے کزن نعمان طارق میو کی شادی کے موقع پر گروپ فوٹو

منڈی صادق گنج تحصیل منچن آباد کی نواحی بستی رحیم کوٹ کے شاہد رمضان میو کی پیاری بیٹی





خوشاب کے نواحی چک نمبر 158/5 ایم بی سے صدائے میو کے مستقل ممبر ریٹائرڈ صوبیدار محمد یوسف میو کا اپنی پوتی دعا جہانگیر میو کے ساتھ صدائے میو کیلئے بنوایا گیا گروپ فوٹو

# بزمِ ادب

## میواتی گجل
سکندر سہراب میو (لاہور)



مانی تو کدی موسو اُجگر نہ ملے گو
سپنا میں موہے کہا تیرو گھر نہ ملے گو
دل لُوٹ لیو اور ہوا تک نہ لگن دی
تو سُو کوئی ڈھونڈا سُو بی چاتر نہ ملے گو
چل اور کہیں ، ہیں جہاں آونا آدر

دنیا میں کوئی اور کہا در نہ ملے گو
موسو کوئی آدھین بھلو پیار کو مارو
جگ چھان لے ایسو کوئی اپر نہ ملے گو
جو اینٹھ میں رہوے ہے ملے پاڑ کے توڑی
ایسا سُو تو سہراب بی نو بر نہ ملے گو

## غزل
ڈاکٹر طاہر شبیر میو (لاہور)

تیرے چہرے سے ستاروں نے ضیا مانگی ہے
تیری آنکھوں سے فرشتوں نے حیا مانگی ہے
تپتے صحرا میں کہیں دور برسنے کے لئے
تیری زُلفوں سے فضاؤں نے گھٹا مانگی ہے
مِرا آنگن تیری خوشبو سے مہک اُٹھے گا

تیرے آنچل سے بہاروں نے ہوا مانگی ہے
کیسے کہہ دوں کہ کسی شوخ حسینہ نے کبھی
تجھ سے باہوں میں سمٹنے کی ادا مانگی ہے
تم نے جھک کر کسی من چاہے خدا کے آگے
میرے ناکردہ گناہوں کی سزا مانگی ہے

## میواتی گجل
انور محمد انور میو (رامپورہ) ڈسکہ



دل پہ غم کا بادل چھا گا
دو نینن میں آنسو آ گا
چاہت میرو من تڑپا وے
من کا دُکھڑا جوبن کھا گا
راہ چلتا سُو یاری کرلی
میرا سِر پہ بیٹھو کا گا

لالہ سِر پہ پڑی مصیبت
اپنا موہے چھوڑ کے بھاگا
اب ناں کوئی ٹھوکر کھاسُوں
دُکھ موہے سب کچھ سمجھا گا
بیٹھا سپنا دیکھا انور
میلو لُٹ گو ہم جب جاگا

## میواتی گجل
احمد فہیم میو (لاہور)

پھول سو مُکھ اے تو شیشہ کو بدل راکھے ہے
یار ہے میرو جو دُشمن کو چلن راکھے ہے
ایسے دیکھے کہ کھا جائے گو واڑی مو اے
جانے کس بات کی من میں اُو جلن راکھے ہے
ایسا مانس کی بتا بیٹھے کوئی کیں سنگت

بھر کے بولن میں جو سُولن کی چبھن راکھے ہے
نو تو ہر کائی کی چاہت ہے کہ پاوے منزل
وہی پہنچے ہے جو منزل کی لگن راکھے ہے
کوئی تازہ کرے جیون کا مرا حقّہ اے
مَن ای راکھن میں دبی اب بی اگن راکھے ہے

## جلوے
نواب ناظم میو (لاہور)

تڑپتے ہجر کے موسم میں یہ لاچار کے جلوے
مسیحا کون دیکھے گا ترے بیمار کے جلوے
مرے اندر بغاوت کی ہے ٹھہری جھیل صدیوں سے
مجھے کب راس آتے ہیں سمندر پار کے جلوے
مرے اسلاف کی مٹی مجھے آواز دیتی ہے
مچلتے ہیں مرے سینے میں اکثر دار کے جلوے
غریبوں کے لہو سے ہی چراغ شاہی روشن ہیں
انہی کے خون سے قائم ہیں یہ دربار کے جلوے

کبھی دل چاہتا ہے شہر سے باہر نکل جاؤں
کبھی بے چین کرتے ہیں ترے رخسار کے جلوے
تجھے پھولوں سے نسبت ہے تجھے خوش بو سے راحت ہے
مری آنکھوں مرے دل کی ہیں ٹھنڈک خار کے جلوے
کھٹکتے ہیں مسلسل اب فلک کی آنکھ میں میرے
زمیں پر ہر طرف پھیلے ہوئے رفتار کے جلوے
ابھی موسم نہیں آیا ابھی کچھ دیر باقی ہے
یقیناً ہم بھی دیکھیں گے خزاں میں دار کے جلوے

## غزل
کلیم خاں کلیم میو (لاہور)



بن تیرے یہ شہر کی گلیاں اُداس ہیں
بن تیرے یہ پھول اور کلیاں اُداس ہیں
بن تیرے یہ چاند اور تارے اُداس ہیں
بن تیرے ہم پیار کے مارے اُداس ہیں
کرتے ہیں یاد تم کو شام وسحر صنم
بن تیرے یہ شام کے لمحے اُداس ہیں

جانِ تمنا کیا سناؤں تجھ کو اپنا حال
دل بھی اُداس ہے اور ہم بھی اُداس ہیں
تم ساتھ تھے تو صحرا بھی گلزار تھا صنم
اب تم نہیں تو بن تیرے گلشن اُداس ہے
تیرے دم سے گاتے تھے جھرنے بھی راگنی
وہ گنگناتے جھرنے تجھ بن اُداس ہیں

## گاڑی کو لالچ
سلیم اختر میو (لاہور)

رکھ کے سر پے ڈھولی پاگ کائی کے دھن پہ نظر گاڈھی اے
چھورا لو واکا بیاہ، داج میں مانگے ہے گاڑی اے
پہر کے ڈھولو سوٹ اور پاؤن میں کھسّہ
سڑکن پے ڈولے ایسے جیسے جنگل میں سُسّہ
جیب میں نا ہے دھیلا یا کے یائے شرم نہ اوے ہے
دنیا سو اپنے آپ ہی یو چودھری کہواوے ہے
گھر میں ناں ہے روٹی یا کے یا ہے حیاء نہ آوے ہے

بیٹی والا کے گھر میں جا کے بوٹین نے کھاوے ہے
مارو یا کے جوت ایسا لو مت دیو روٹی
جا کا اپنے گھر میں تیس سال کی بیٹھی بیٹی
بیٹی کو اپنی دین لو یا پے نا ہے کوئی برتن بھانڈو
بیٹی یا کی کوئی لے جائے بس اللہ واسطے کوئی بندہ ڈاھڈو
بیٹا لو پھر بھی مانگے داج میں یو موٹر گاڑی اے
یونگو ڈولے ہے دنیا کے مال پے نظرن گاڈھی اے


ہر قسم کی جائیداد کی خرید و فروخت کا با اعتماد نام
صابر
اسٹیٹ
اینڈ بلڈرز
یوم پاکستان
23 MARCH 1940!!!
نزد گرینڈ ایونیو 28 کلومیٹر مین فیروزپور روڈ لاہور
چوہدری صابر حسین بلا میو
0300-8585711
چوہدری طاہر اسلام
چوہدری تصور حسین
0304-8585777
کیپٹن آزر حسین
0302-4481032


فائل نہیں پلاٹ
آپکے خوابوں کی تعبیر
رجسٹری / انتقال
PROPERTY CHANNEL
REAL ESTATE CONSULTANTS
ہم مکانوں کی نہیں مکینوں کی بات کرتے ہیں
رحمت پارک
متصل کوٹ میلہ رام مین فیروزپور روڈ لاہور
چیف ایگزیکٹو
حاجی محسن شریف
چیئرمین
حاجی نعیم پاہٹ
عاطف شریف
شاہین احمد
0321-4577536
0321-4022645
0300-8084821


S.M.F
15 فروری کو رحمت پارک میں 45 بچیوں کی
اجتماعی شادی
کے شاندار اور مثالی پروگرام کے انعقاد پر
پاکستان صدائے میو فورم کی ٹیم کو
تہہ دل سے
مبارکباد
پیش کرتے ہیں
چوہدری سعید اقبال میو
0300-4649920
مرکزی نائب صدر: پاکستان صدائے میو فورم


یوم پاکستان
Pakistan Resolution Day
MARCH 23RD
اللہ کے فضل سے ہر سال معیار اور کوالٹی پہلے سے بہتر
R.T.M No. 94238
(رجسٹرڈ)
رہبر
واٹر پمپس اینڈ موٹرز
گلہ روبی فین بلمقابل ماڈل فیملی ہسپتال گوندلانوالہ روڈ گوجرانوالہ
آگے بڑھیں محنت اور
ایمانداری کے ساتھ
الحاج غلام نبی خاں میو
صدر: میو فاؤنڈیشن گوجرانوالہ
0300-6401996


QUAID GUJRANWALA GYPSUM
PROCESSING PLANT
Plat# 10, Heavy Factory Area Quaidabad, Distt: KHUSHAB
Ph:+92-55-3413111 +92-0300-8747808
1940!!!
23 مارچ
یوم پاکستان
قائد گوجرانوالہ
جپسم پروسیسنگ پلانٹ
MASTER
CEILING TILES
پلاٹ نمبر 10 ہیوی فیکٹری ایریا قائد آباد ضلع خوشاب
ہمارے ہاں: اعلیٰ کوالٹی کا جپسم، پلاسٹر آف پیرس تیار کیا جاتا ہے
ہیڈ آفس
ماسٹر سیلنگ ٹائلز گوجرانوالہ
علی پور چوک گوندلانوالہ روڈ بلمقابل سردار میرج ہال راج کوٹ گوجرانوالہ
پروپرائیٹر
چوہدری شفیع محمد خاں میو
نائب صدر: میو فاؤنڈیشن گوجرانوالہ